www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعرات، 19 مارچ 2026ء بمطابق 29 رمضان 1447ھ | شمارہ 235 | قیمت 10 روپے

پاکستان کی افغانی عوام سے لڑائی نہیں، ترجمان پاک فوج

طالبان کا سویلینز کی ہلاکتوں کا پراپیگنڈا جھوٹ ہے، پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والے ڈرون افغان طالبان کو بھارت فراہم کر رہا ہے

کابل میں ہدف افغان طالبان کے گولہ بارود اور ہتھیاروں کے علاوہ ڈرون طیاروں کا ڈپو تھا، یہ گولہ بارود پھٹنے سے جو دھماکے ہوئے انہیں پورے شہر نے دیکھا

طالبان کے اکثر جنگجو وردی نہیں سویلین لباس پہنتے ہیں اور طالبان منشیات کے عادی افراد کو خودکش حملوں کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں، نجی ٹی وی میں گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ طالبان کا سویلینز کی ہلاکتوں کا پراپیگنڈا جھوٹ ہے، پاکستان کی افغانی عوام سے کوئی لڑائی نہیں۔ نجی ٹی وی میں گفتگو کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ کابل میں ہدف افغان طالبان کے گولہ بارود اور ہتھیاروں کے علاوہ ڈرون طیاروں کا ڈپو تھا، یہ گولہ بارود پھٹنے سے جو دھماکے ہوئے انہیں پورے شہر نے دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ حملے میں سویلینز کی ہلاکتوں کا پراپیگنڈا جھوٹ ہے، طالبان کے اکثر جنگجو وردی نہیں سویلین لباس پہنتے ہیں اور طالبان منشیات کے عادی افراد کو خودکش حملوں کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ ترجمان پاک فوج کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والے ڈرون افغان طالبان کو بھارت فراہم ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

علی لاریجانی کی شہادت کا بدلہ

پاسدارانِ انقلاب کا اسرائیل میں 100 اہداف نشانہ، 200 افراد کو ہلاک و زخمی کرنے کا دعویٰ

آپریشن وعدہ صادق 4 کے تحت اسرائیل کے خلاف حملوں کی 61 ویں لہر کا آغاز، تل ابیب کو کلسٹر وار ہیڈز لے جانے والے میزائلوں سے نشانہ بنایا، میزائل حملوں میں اسرائیلی فوجی تنصیبات بھی نشانہ بنیں

یروشلم، رامات گن اور بنی براک سمیت مرکزی اسرائیل کے مختلف مقامات پر بھی نقصان کی اطلاعات، وسطی اسرائیل میں ایرانی میزائل حملوں سے بڑے پیمانے پر املاک کو نقصان پہنچا، تل ابیب میں متعدد گاڑیاں تباہ

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی سکیورٹی چیف علی لاریجانی کی شہادت کے بعد ایران نے اسرائیل کے دارالحکومت تل ابیب پر شدید حملے کیے۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کے مطابق علی لاریجانی کی شہادت کے جواب میں تل ابیب کو کلسٹر وار ہیڈز لے جانے والے میزائلوں سے نشانہ بنایا جبکہ میزائل حملوں میں اسرائیلی فوجی تنصیبات بھی نشانہ بنیں۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ نئے حملے میں میزائل 100 سے زائد اہداف پر لگے ہیں اور ان حملوں میں 200 اسرائیلی ہلاک اور زخمی ہوئے۔ دوسری جانب اسرائیلی میڈیا کا بتانا ہے کہ ایرانی حملوں میں 2 افراد ہلاک ہوئے جبکہ چند افراد زخمی ہوئے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے ایک بیان میں واضح کیا کہ آپریشن وعدہ صادق 4 کے تحت اسرائیل کے خلاف حملوں کی 61ویں لہر کا آغاز کر دیا۔ بیان کے مطابق اسرائیلی دارالحکومت تل ابیب پر خرمشہر 4، قدر، عماد اور خیبر شکن میزائل داغے اور 100 سے زائد فوجی اور سکیورٹی اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا جبکہ 200 افراد کے ہلاک اور زخمی ہونے کا دعوی کیا گیا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق ایران نے وسطی اسرائیل پر ایک بڑا حملہ کیا جس کے نتیجے میں تل ابیب سمیت کئی علاقوں میں بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے، ویڈیوز میں دکھایا گیا کہ ایک کلسٹر میزائل فضا میں پھٹا اور اس کے جلتے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

وزیراعظم کا کویتی ولی عہد اور عمان کے سلطان سے رابطہ

گفتگو میں دونوں رہنماؤں نے عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر مبارکباد کا تبادلہ کیا

وزیراعظم نے کویت کے برادر عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی اور حمایت کا اظہار کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کویت کے ولی عہد اور عمان کے سلطان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ اسلام آباد سے جاری سرکاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کویتی ولی عہد شیخ صباح الخالد سے ٹیلی فون پر بات چیت کی، دونوں رہنماؤں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران جنگ میں ہمیں کسی مدد کی ضرورت نہیں، امریکی صدر

ایک طاقتور ملک ہونے کے ناطے امریکا اپنے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اسے کسی بیرونی مدد کی ضرورت نہیں

اتحاد اس وقت ایک بڑی غلطی کر رہا ہے اور اسے اس صورتحال میں امریکا کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے تھا، ڈونلڈ ٹرمپ کی گفتگو

جاپان، آسٹریلیا اور جنوبی، یہ ممالک امریکا کے مقف سے متفق تھے، لیکن مشکل وقت میں انہوں نے عملی مدد فراہم نہیں کی

میکرون جلد عہدہ چھوڑ دیں گے، فرانسیسی صدر کے آبنائے ہرمز سے متعلق کسی فوجی کارروائی میں شامل نہ ہونے کے بیان پر ردعمل

واشنگٹن (ویب ڈیسک) ایران کے خلاف جاری جنگ کے دوران اتحادی ممالک کی جانب سے مدد کی درخواستیں مسترد ہونے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں۔ وائٹ ہاس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ ایک طاقتور ملک ہونے کے ناطے امریکا اپنے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اسے کسی بیرونی مدد کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے نیٹو پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اتحاد اس وقت ایک بڑی غلطی کر رہا ہے اور اسے اس صورتحال میں امریکا کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے تھا۔ فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون کے آبنائے ہرمز سے متعلق کسی فوجی کارروائی میں شامل نہ ہونے کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ میکرون جلد عہدہ چھوڑ دیں گے۔ ٹرمپ نے جاپان، آسٹریلیا اور جنوبی کوریا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

ایران نے قومی سلامتی کے سیکرٹری علی لاریجانی کی شہادت کی تصدیق کردی

ان کی شہادت کا واقعہ تہران میں پیر اور منگل کی درمیانی رات ساڑھے 3 بجے پیش آیا

علی لاریجانی کو سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے نامزد کیا تھا، ایرانی میڈیا

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی میڈیا نے تصدیق کی ہے کہ قومی سلامتی کے سیکرٹری علی لاریجانی اپنے بیٹے مرتضی لاریجانی سمیت اسرائیلی حملے میں شہید ہوگئے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق کہ قومی سلامتی کے سیکرٹری علی لاریجانی اپنے بیٹے مرتضی لاریجانی اور معاون علی رضا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

شہری عیدالفطر سے پہلے لیاقت آباد سپر مارکیٹ میں عید کی خریداری میں مصروف ہیں



عمران خان کے ذاتی معالجین کو ملنے کی اجازت ہونی چاہیے، محمود اچکزئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی کا کہنا ہے مذاکرات کے لیے میں پہلے بھی کہہ چکا، ہمارے ہاتھ میں کچھ نہیں ان کو پہلے پریشر کم کرنا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں دہشتگردی کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے پاکستان پر لگائے گئے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات پر سخت ردعمل جاری کیا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

پرائم منسٹر رمضان پیکیج: 89 فیصد مستحق افراد کو ادائیگیاں مکمل

مستحقین کو رقوم کی شفاف طریقے سے فراہمی پر تمام متعلقہ اداروں کو شاندار خراج تحسین

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پرائم منسٹر رمضان پیکیج 2026 کے تحت 89 فیصد مستحق افراد کو ادائیگیاں کر دی گئیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر رمضان ریلیف پیکیج 2026 کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ شہباز شریف نے رمضان پیکیج 2026 کے تحت مستحقین کو رقوم کی شفاف طریقے سے فراہمی پر تمام متعلقہ اداروں کو شاندار خراج تحسین پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سوشل پروٹیکشن والٹس پاکستان میں فنانشل ٹیکنالوجی اور شفافیت کے حوالے سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

بجلی ایک روپے 64 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان

ملک بھر کے بجلی صارفین، بشمول کراچی، پر 14 ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑے گا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) بجلی ایک روپے 64 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان، منظوری کی صورت میں ملک بھر کے بجلی صارفین، بشمول کراچی، پر 14 ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ بجلی صارفین کیلئے بری خبر ہے جب کہ سی پی پی اے نے فروری کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے لیے نیپرا میں درخواست دائر کی ہے، جس کے تحت بجلی کی قیمت میں 1 روپے 64 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان ہے۔ نیپرا اتھارٹی اس درخواست پر 31 مارچ کو سماعت کرے گی۔ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

برادر اسلامی ممالک کی اپیل پر آپریشن غضبِ للحق عارضی طور پر روکنے کا فیصلہ

دہشت گردی کے واقعے کی صورت میں "آپریشن غضب للحق "فوری طور پر مزید شدت کے ساتھ دوبارہ شروع کر دیا جائے گا

الفطر کے پیش نظر آپریشن غضب للحق کے دوران عارضی وقفہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام

یہ وقفہ 18، 19 مارچ کی درمیانی شب سے لے کر 23، 24 مارچ کی درمیانی شب تک موثر ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے عید الفطر کے پیش نظر اور برادر اسلامی ممالک کی اپیل پر آپریشن غضب للحق عارضی طور پر روکنے کا فیصلہ کر لیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ عید الفطر کے پیش نظر آپریشن غضب للحق کے دوران عارضی وقفہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ برادر اسلامی ممالک سعودی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

خلیجی ممالک، شہری علاقوں کے قریب حملوں کا ذمہ دار امریکا ہے، ایران

جہاں جہاں امریکی افواج یا ان کی تنصیبات موجود تھیں انہیں نشانہ بنایا گیا

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ خلیجی ممالک کے شہری علاقوں کے قریب حملوں کی ذمے داری امریکا پر عائد ہوتی ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا تھا امریکی افواج نے فوجی اڈوں سے نکل کر شہری علاقوں اور ہوٹلوں میں منتقل ہونا شروع کر دیا ہے، امریکی افواج کی منتقلی کے باعث ایسے مقامات بھی نشانے پر آئے جو آبادی کے قریب ہیں۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا جہاں جہاں امریکی افواج یا ان کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

صدرِ مملکت آصف زرداری کا علی لاریجانی پر حملے پر اظہار افسوس

خطے میں جاری کشیدگی کے باعث انسانی جانوں اور انفرااسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے

پاکستان کشیدگی میں کمی اور خطے میں امن کے فروغ کی کوششوں کی حمایت کے لیے پرعزم ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینئر ایرانی رہنما ڈاکٹر علی لاریجانی پر حملے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسلامی جمہوریہ ایران کی حکومت اور عوام سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری اعلامیے کے مطابق ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی گھروں کی تعمیر کیلئے آسان قرضوں کے حوالے سے عملی اقدامات اٹھانے کی ہدایت

شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے امور پر اجلاس، وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے اسٹریٹجک روڈ میپ پر بریفنگ دی گئی

کم آمدنی والے طبقے کیلئے رہائش کی فراہمی، سستے گھروں کے منصوبے بشمول نجی شعبے کی حوصلہ افزائی اور عوامی سہولیات کی بہتری ہماری ترجیحات میں شامل ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے امور پر اجلاس وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کم آمدنی والے طبقے کے لیے رہائش کی فراہمی، سستے گھروں کے منصوبے بشمول نجی شعبے کی حوصلہ افزائی اور عوامی سہولیات کی بہتری ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ وزیراعظم نے عام آدمی کو ہاؤس فنانس کی سہولت موثر انداز میں پہنچانے کے حوالے سے عملی اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے اسٹریٹجک روڈ میپ پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تعمیرات کے شعبے کے حوالے سے ٹیکس اسٹرکچر میں اصلاحات کی جارہی ہیں۔ تعمیری شعبے کے لئے ٹیکس اسٹینڈرڈائزیشن پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

وزیراعلیٰ سندھ کی سکھر روہڑی کو ملانے کیلئے نئے پل کی منظوری

دریائے سندھ پر نئے پل کی تعمیر سے سکھر، روہڑی اور ملحقہ علاقوں کے درمیان نیا رابطہ فراہم کرے گا اور موجودہ راستوں پر ٹریفک کا دباؤ کم کرے گا

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اہم انفرااسٹرکچر منصوبوں اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے کلیدی اصلاحات کی بھی منظوری دیدی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے 51ویں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) پالیسی بورڈ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دریائے سندھ پر ایک نئے پل کی تعمیر کی منظوری دے دی، جو سکھر، روہڑی اور ملحقہ علاقوں کے درمیان نیا رابطہ فراہم کرے گا اور موجودہ راستوں پر ٹریفک کا دباؤ کم کرے گا۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں صوبائی وزرا؛ سید ناصر حسین شاہ، ضیاالحسن لنجار، وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی سید قاسم نوید، چیف سیکریٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ، پرنسپل سیکریٹری ٹو سی ایم آغا واصف عباس، چیئرمین پی اینڈ ڈی نجم شاہ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو خالد حیدر شاہ، سیکریٹری بلدیات وسیم شمشاد، سیکریٹری خزانہ فیاض جتوئی، سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، سیکریٹری قانون اور دیگر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

پاکستان اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کا خطے میں بڑھتی کشیدگی پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گزشتہ شب ترکیہ کے وزیر خارجہ حکان فیدان سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا ریاض کا اہم دورہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار 18 سے 19 مارچ تک ریاض کا دورہ کریں گے۔ ترجمان کی جانب سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

لیاقت آباد سپر مارکیٹ کراچی میں عیدالفطر کی تیاریوں کے دوران ٹریفک کا ہنگامہ

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ بہیمانہ سلوک اور مقبوضہ کشمیر میں مظالم

بھارتی فوج نے شمالی کشمیر میں ایک نوجوان کو شہید کر دیا۔ فوج نے نوجوان کو دراندازقرار دے کر گولی ماردی۔

ادھر مقبوضہ علاقے میں نئی دہلی کے مسلط کردہ لیفٹیننٹ گورنر کے ماتحت انتظامیہ نے ایران میں امریکی اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف مظاہروں کی پاداش میں بڑی تعداد میں نوجوانوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس اقدام پر نیشنل کانفرنس نے شدید احتجاج کرتے ہوئے گرفتار افراد کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں ریاستی دہشت گردی کا سلسلہ جاری ہے، جہاں آئے روز کشمیریوں پر ظلم و جبر میں اضافہ ہو رہا ہے اور ان کے بنیادی انسانی حقوق سلب کیے جا چکے ہیں۔ مقبوضہ وادی میں انسانی المیہ سنگین صورت اختیار کر چکا ہے۔ دوسری جانب بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ بھی غیر انسانی سلوک کیا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے یو ایس سی آئی آر ایف کی تازہ رپورٹ عالمی برادری کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔ رپورٹ میں بھارت میں مذہبی آزادی کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ وہاں مذہبی اقلیتوں کے خلاف تشدد، امتیازی قوانین اور سماجی دباؤ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث مسلمانوں، عیسائیوں اور دیگر اقلیتوں کو عدم تحفظ کا سامنا ہے۔ کمیشن نے اپنی رپورٹ میں پہلی بار ہندو قوم پرست تنظیم آر ایس ایس اور بھارتی خفیہ ایجنسی را کے خلاف سخت اقدامات کی سفارش کی ہے، جن میں اثاثے منجمد کرنے اور ذمہ دار افراد پر سفری پابندیاں عائد کرنے پر غور شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت کی ریاستی پالیسیوں اور بعض قوانین نے اقلیتوں کے لیے ایک غیر محفوظ ماحول پیدا کر دیا ہے جبکہ بعض ریاستوں میں مذہب کی تبدیلی کے خلاف سخت قوانین کے تحت اقلیتی افراد کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ بھارت کے توسیع پسندانہ عزائم خطے کے امن و سلامتی کو داؤ پر لگا رہے ہیں۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ مودی سرکار کی انتہاپسندانہ پالیسیوں اور اقلیتوں کے خلاف کارروائیوں کا فوری نوٹس لے، جبکہ کشمیری عوام کو بھی ان کے بنیادی انسانی حقوق فراہم کیے جائیں۔ عالمی طاقتیں آخری کشمیری کے مرنے کا انتظار نہ کریں۔

اسلاموفوبیا کے تدارک کا عالمی دن

15 مارچ کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں اسلاموفوبیا سے نمٹنے کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کا مقصد مسلمانوں کے خلاف بڑھتے ہوئے تعصب، نفرت اور امتیازی رویوں کی نشاندہی کرنا اور عالمی برادری کو اس کے تدارک کے لیے متحرک کرنا ہے۔ یہ دن اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کی قرارداد کے بعد تسلیم کیا گیا تا کہ دنیا کو یاد دلایا جا سکے کہ مذہبی بنیادوں پر نفرت کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے خطرناک ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں اس دن کو، دین اسلام اور مسلمانوں کے خلاف تعصب کی مذمت میں عالمی آواز قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دین اسلام تمام نوع انسانی کے لیے امن و آشتی کا پیغام دیتا ہے اور اسلام کو انتہا پسند خیالات سے منسوب کرنا صریحاً لاعلمی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اسلاموفوبیا معاشرتی عدم برداشت، بنیادی مذہبی آزادی اور باہمی اتحاد و رواداری جیسی اقدار کو کمزور کرنے کا باعث ہے۔ مہذب معاشرے عقائد کی بنیاد پر انسانی حقوق میں تفریق نہیں کرتے بلکہ باہمی احترام وایثار پر قائم ہوتے ہیں۔ پاکستان اسلاموفوبیا پر مبنی تمام طرزِ عمل کی ہر شکل کی مذمت کرتا ہے اور اسلامی تعلیمات کے عین مطابق اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق تمام انسان مساوی حقوق رکھتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان نے تمام بین الاقوامی فورمز پر ہمیشہ ذمہ دارانہ انداز میں اسلاموفوبیا کے خلاف آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی پاکستان اقوامِ عالم کے درمیان مذہبی رواداری کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا۔

اسد غالب

اسلاموفوبیا صرف ایک اصطلاح نہیں بلکہ ایک ایسا رویہ ہے جو مسلمانوں کو بطور مذہبی شناخت نشانہ بناتا ہے۔ گزشتہ برسوں میں مغربی معاشروں میں مساجد پر حملے، حجاب پر پابندیوں کی بحث، اور سوشل میڈیا پر مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز مہمات نے اس مسئلے کو مزید نمایاں کر دیا ہے۔ یہ تعصب نہ صرف عالمی سطح پر مسلمانوں کی عزت اور حفاظت کے لیے خطرہ ہے بلکہ عالمی امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے بھی ایک سنجیدہ چیلنج بن چکا ہے۔ پاکستان سمیت دیگر مسلم ممالک اس دن کو خصوصی طور پر اجاگر کرتے ہیں اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مذہبی تعصب کے خلاف واضح اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ پاکستان کی قیادت بارہا عالمی فورمز پر یہ موقف پیش کر چکی ہے کہ اسلاموفوبیا صرف مسلمانوں کا مسئلہ نہیں بلکہ عالمی امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے بھی ایک سنگین خطرہ ہے۔

موجودہ عالمی حالات نے اسلاموفوبیا کے مسئلے کو مزید حساس اور پیچیدہ بنا دیا ہے۔ مشرق وسطی میں جاری کشیدگی اور جنگی ماحول کے باعث بعض حلقے عالمی سیاست کو مذہبی رنگ دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ حالیہ عالمی مباحث میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ امریکا کے سیکرٹری آف وار بھی ماضی میں کہہ چکے ہیں کہ کچھ تنازعات کو مذہبی جنگ کے طور پر دیکھا جانا چاہیے، اور بعض یہودی تجزیہ کاروں نے بھی کھل کر کہا ہے کہ موجودہ کشیدگیاں مذہبی بنیادوں پر جاری ہیں۔ اس طرح کے بیانات سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ عالمی تنازعات صرف سیاسی یا جغرافیائی نہیں بلکہ مذہبی نوعیت کے بھی ہیں۔ جب عالمی تنازعات کو مذہبی زاویے سے دیکھا جانے لگے تو اس کے اثرات پوری دنیا کے مسلمانوں پر پڑتے ہیں، جو ان تنازعات سے براہِ راست متعلق نہیں ہوتے، وہ بھی تعصب، شکوک وشبہات اور نفرت کے ماحول میں زندگی گزارنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ زیادہ تر عالمی تنازعات سیاسی، معاشی اور جغرافیائی مفادات سے جڑے ہوتے ہیں، لیکن جب انھیں مذہبی رنگ دیا جاتا ہے تو نفرت اور تعصب کے بیج مزید گہرے ہو جاتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ عام مسلمان، جو ان تنازعات سے براہِ راست وابستہ نہیں ہوتے، وہ بھی نفرت، تعصب اور خوف کے ماحول میں زندگی گزارنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ مذہبی آزادی اور انسانی احترام عالمی امن کی بنیاد ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دنیا کے رہنما، عالمی ادارے، میڈیا اور سول سوسائٹی اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیں اور ایسے بیانیوں کی حوصلہ شکنی کریں جو مذاہب کے درمیان نفرت کو ہوا دیتے ہیں۔ آج کے دور میں میڈیا اور سوشل میڈیا کی طاقت بھی بہت اہم ہے۔ اگر یہ ذرائع ذمہ داری سے کام لیں تو وہ غلط فہمیوں کو کم کر سکتے ہیں اور مختلف مذاہب کے درمیان مکالمے کو فروغ دے سکتے ہیں۔ بصورت دیگر یہی ذرائع نفرت اور تعصب کو بڑھانے کا سبب بھی بن سکتے ہیں۔

حالیہ برسوں میں پاکستان نے اسلاموفوبیا کے خلاف شعور اجاگر کرنے اور بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں۔ وزارت خارجہ کی سطح پر عالمی فورمز پر پاکستان مسلسل یہ پیغام پہنچاتا رہا ہے کہ مذہبی تعصب کسی بھی قوم یا مذہب کے لیے قابل قبول نہیں۔ مقامی سطح پر بھی حکومت نے تعلیمی نصاب میں بین المذاہب احترام کی تعلیم کو شامل کیا اور عوام میں شعور بڑھانے کے لیے سیمینارز اور ورکشاپس کا انعقاد کیا تا کہ معاشرے میں نفرت انگیزی کی بجائے محبت، رواداری اور تحمل کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ اقدامات نہ صرف پاکستانی معاشرے میں بھائی چارے کی فضا مضبوط کرتے ہیں بلکہ عالمی سطح پر بھی پاکستان کی مثبت اور تعمیری شبیہہ کو اجاگر کرتے ہیں۔ تعلیم اور شعور کے ساتھ ساتھ حکومت نے میڈیا کے ذریعے بھی عام لوگوں میں رواداری کے اصول پھیلانے کی کوشش کی ہے۔ مختلف ٹی وی پروگرامز، ریڈیو شوز اور سوشل میڈیا کیمپینز کے ذریعے پاکستان میں یہ پیغام دیا گیا ہے کہ مذہبی ہم آہنگی ہر شہری کی ذمہ داری ہے اور تعصب کسی بھی صورت میں قبول نہیں۔ یہ کوششیں معاشرتی سطح پر نفرت انگیزی کے رجحانات کو کم کرنے اور مسلم معاشروں میں بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہو رہی ہیں۔

اسلاموفوبیا کے خلاف جدوجہد کے لیے عالمی برادری، ریاستوں، میڈیا اور سول سوسائٹی کو مشترکہ طور پر کردار ادا کرنا ہوگا۔ مسلمانوں کے خلاف تعصب کا خاتمہ نہ صرف انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ عالمی امن، ترقی اور معاشرتی ہم آہنگی کے لیے بھی ایک لازمی شرط ہے۔ دنیا میں جب ہر مذہب اور ہر انسان کو برابر عزت اور تحفظ حاصل ہوگا، تب ہی حقیقی عالمی امن کا خواب پورا ہو سکے گا۔ اسلاموفوبیا کے خلاف شعور اجاگر کرنے کے لیے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ نفرت انگیزی، جھوٹ اور تعصب کے خلاف آواز بلند کرے، چاہے یہ تعصب سوشل میڈیا پر ہو یا روزمرہ کی زندگی میں۔ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ تعلیم، شعور، اور مثبت کردار دنیا میں ہم آہنگی اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے سب سے بڑے اوزار ہیں۔ پاکستان میں حکومت اور سول سوسائٹی کے یہ اقدامات ایک روشن مثال ہیں کہ اگر مل کر کام کیا جائے تو مذہبی تعصب کے خلاف کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اسلاموفوبیا ایک ایسا عالمی مسئلہ ہے جو صرف مسلمانوں تک محدود نہیں بلکہ یہ انسانی سماج کے لیے ایک چیلنج ہے۔ عالمی برادری، ریاستیں، سول سوسائٹی اور ہر فرد مل کر اس مسئلے کا مقابلہ کریں، تو نہ صرف مسلمانوں کی حفاظت ہوگی بلکہ دنیا میں امن، بھائی چارہ اور محبت کا پیغام بھی پھیلے گا۔

جغرافیائی جبر اور تزویراتی مفر

نپولین بوناپارٹ نے دو صدیاں قبل ایک ابدی حقیقت کی گرہ کھولی تھی کہ کسی بھی ریاست کی سیاست اس کے جغرافیے میں پنہاں ہوتی ہے۔ پاکستان کے لیے یہ مقولہ محض ایک سیاسی کلیہ نہیں، بلکہ وہ نوشتہ دیوار ہے جسے مٹایا نہیں جا سکتا، مگر تزویراتی دانش وہ قلم ہے جو اس دیوار پر نئی تاریخ رقم کر سکتی ہے۔ پاکستان آج جس مقام بصیرت پر کھڑا ہے، وہاں زمین کی وسعتیں محض رقبہ نہیں رہیں بلکہ عالمی طاقتوں کے تصادم کا وہ مرکز ثقل بن چکی ہیں جہاں سے گزرنے والی ہر ہوا مصلحتوں کا تند و تیز زہر ساتھ لاتی ہے۔ یہ جغرافیائی حصار دراصل وہ تزویراتی قید ہے جس نے دہائیوں سے ہماری قومی سمت کو معاشی خود مختاری کے بجائے دفاعی بقا کی مہیب بھول بھلیوں میں الجھائے رکھا ہے۔ ہم ایک ایسی پیچیدہ ارضی سیاسی تکون میں محصور ہیں جہاں مشرق کی ازلی مخاصمت، مغرب کی بے یقینی اور شمال کی تزویراتی کشش نے ہمیں ایک ایسے تعطل کا شکار کر دیا ہے جس کا حل روایتی سفارت کاری کے فرسودہ خانوں میں موجود نہیں۔

اس سنگین صورتحال کا معروضی ادراک اس وقت تک ممکن نہیں جب تک ہم اس جغرافیائی حصار کی تہوں کو دانش حاضر سے نہ پرکھیں۔ پاکستان کی مشرقی سرحد پر ایک ایسی ریاست موجود ہے جس کی انتہا پسندانہ پالیسیوں نے علاقائی سالمیت کے پرخچے اڑا دیے ہیں، جبکہ مغربی سرحد پر افغانستان کی غیر متوقع صورتحال نے سلامتی کے نئے اور ہولناک پیرائے متعارف کرائے ہیں۔ یہ محض سرحدی تنازعات نہیں بلکہ ایک وسیع تر عالمی بساط کا حصہ ہیں جہاں پاکستان کو ایک 'حائلی ریاست' کے طور پر استعمال کرنے کی عالمی خواہش اب دم توڑتی نظر آتی ہے، مگر اس کے متبادل کے طور پر ہمیں جس معاشی اور دفاعی دباؤ کا سامنا ہے، وہ پہلے سے کہیں زیادہ شدید ہے۔ حالیہ برسوں میں انڈیا -مڈل ایسٹ-یورپ راہداری جیسے منصوبوں کی بازگشت اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ عالمی طاقتیں پاکستان کے جغرافیائی راستے کو نظرانداز کرنے کی تگ و دو میں ہیں، جو ہماری تزویراتی اہمیت کے لیے ایک خاموش مگر بڑا چیلنج ہے۔ اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ جنوبی ایشیا کی مجموعی تجارت میں پاکستان کا حصہ اس کی کلیدی پوزیشن کے تناسب سے انتہائی قلیل ہے، جو اس تلخ حقیقت کی گواہی دیتا ہے کہ ہم نے اپنے جغرافیے کو باہمی ربط کے بجائے محض دفاعی دفاع کا ذریعہ بننے دیا۔

پاکستان کے لیے اب وقت مقرر آ پہنچا ہے کہ وہ اپنی تزویراتی سمت کا از سر نو تعین کرے، ورنہ تاریخ کا بے رحم پہیہ اسے حاشیے پر دھکیل دے گا۔ اس کڑے وقت میں ریاست کو جس جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے، اس کا پہلا زینہ معاشی ترجیحات کو محض ایک بیانیے کے طور پر نہیں بلکہ ایک عملی اور ناگزیر

شیخ عبدالرشید

ڈھانچے کے طور پر اپنانا ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ جب تک اقتصادی راہداری جیسے منصوبے محض دو طرفہ شراکت داری تک محدود رہیں گے، عالمی قوتیں اسے اپنے مفادات کے لیے خطرہ سمجھتی رہیں گی۔ اس حصار کو توڑنے کا واحد راستہ اسے کثیر الجہتی علاقائی اشتراک میں تبدیل کرنا ہے، جس میں روس اور وسطی ایشیائی ریاستوں کی شمولیت اب محض انتخاب نہیں، بلکہ قومی بقا کا تقاضا ہے۔ پاکستان کو بلاک سیاست کی اسارت سے نکل کر اپنی تزویراتی خود مختاری کی وہ پالیسی وضع کرنی ہوگی جہاں ہم چین کے ساتھ اپنے غیر متزلزل تعلقات کو برقرار رکھتے ہوئے مغرب کے ساتھ اپنے تکنیکی تعاون کو ایک نئی، باوقار اور متوازن سطح پر استوار کر سکیں۔ یہ توازن ہی وہ واحد راستہ ہے جو ہمیں عالمی تنہائی سے بچا کر ایک بااثر عالمی کھلاڑی کے طور پر متعارف کرا سکتا ہے۔

حالات کا بے لاگ تجزیہ بتاتا ہے کہ مستقبل کے معرکے اب مٹی کے حصول کے لیے نہیں، بلکہ ان نادیدہ لکیروں کی تسخیر کے لیے ہوں گے جو زمین کے سینے پر نہیں، انسانی دماغوں اور ڈیجیٹل کوریڈورز میں کھینچی جا رہی ہیں۔ تزویراتی معاملات کی باریک بینی یہ تقاضا کرتی ہے کہ ہم اپنی داخلی سلامتی کو علاقائی پالیسی کے ساتھ پیوست کر دیں۔ افغانستان کے ساتھ تعلقات میں داخلی امن کے ضوابط کو اولیت دینا اب ناگزیر ہو چکا ہے۔ سرحدوں پر باڑ لگانا جسمانی تحفظ تو دے سکتا ہے، مگر نظریاتی اور تزویراتی مداخلت کو روکنے کے لیے ایک مضبوط سرحدی انتظام اور پڑوسی ملک کے ساتھ ایک ایسی فہم و فراست پر مبنی مفاہمت کی ضرورت ہے، جس میں کسی تیسری طاقت کی مداخلت کی گنجائش نہ رہے۔ اسی طرح ہمسایہ ممالک کے ساتھ توانائی کے منصوبوں پر عالمی دباؤ کا مقابلہ کرنا ہماری بقا کا مسئلہ ہے۔ یہاں مصلحت پسندی کے بجائے 'قومی مفاد' کی وہ جرات مندانہ تعریف درکار ہے جو کسی بھی بیرونی خوشنودی سے بالاتر اور ملکی ضرورت کے تابع ہو۔

؟ پاکستان کو اپنی سمندری حدود کی اہمیت کا ادراک کرتے ہوئے گوادر کو محض ایک بندرگاہ نہیں بلکہ ایک عالمی تجارتی مرکز بنانا ہوگا۔ جب تک دنیا کی معیشت کا پہیہ پاکستان کی سرزمین سے گزر کر نہیں چلے گا، ہمارا جغرافیہ ہمیں ایک بوجھ محسوس ہوتا رہے گا۔ ہمیں اپنی خارجہ پالیسی کو خاموش سفارت کاری اور تزویراتی صبر کے اصولوں پر استوار کرنا ہوگا تا کہ جذباتی ہیجان کے بجائے منطقی اور دور رس نتائج حاصل کیے جا سکیں۔ دنیا کی تاریخ شاہد ہے کہ وہی قومیں سرخرو ہوئیں جنہوں نے اپنے محل وقوع کو اپنی ڈھال بنایا، نہ کہ وہ جو اپنے ہی نقشے میں قید ہو کر رہ گئیں۔ جغرافیہ قید خانہ نہیں ہوتا، بشرطیکہ بصیرت افروز قیادت اسے ایک وسیع عالمی منڈی میں بدلنے کا ہنر جانتی ہو۔

آخری بات یہ کہ پاکستان کی تزویراتی بقا اب جغرافیائی حصار سے فرار میں نہیں بلکہ اس کے اندر رہ کر نئے راستے تراشنے میں پنہاں ہے۔ ہمیں ایک ایسی مستقبل بین قیادت اور بصیرت کی ضرورت ہے جو عالمی بساط پر مہروں کی حرکت کو ان کے چلنے سے پہلے بھانپ سکے۔ ہماری زمین کی مٹی میں وہ تزویراتی خوشبو ہے جو مشرق و مغرب کو جوڑ سکتی ہے، مگر اس کے لیے ہمیں اپنی سوچ کے زنگ آلود دریچے کھولنے ہوں گے۔ دانش کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی تزویراتی اہمیت کی قیمت وصول کرنے کے بجائے اسے اپنی طاقت کا سرچشمہ بنائیں۔ جب ہماری معیشت کی آواز ہماری سرحدوں کی گونج سے زیادہ بلند ہوگی، تبھی دنیا ہماری تزویراتی خود مختاری کا احترام کرے گی۔ بصورت دیگر، جغرافیہ ایک ایسی زنجیر بن جائے گا جو نسلوں کو مصلحتوں کے طوق پہناتی رہے گی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم تاریخ کے دھارے پر بہنے کے بجائے خود تاریخ کا دھارا متعین کریں اور اپنے تزویراتی حصار کو ایک عظیم معاشی اور دفاعی حصن حصین میں بدل دیں۔ دانشوروں کے نزدیک اصل فتح زمین جیتنا نہیں، بلکہ اس زمین کی ایسی تزویراتی قدر و قیمت پیدا کرنا ہے کہ دوست اور دشمن دونوں اس کے وجود کو اپنی ضرورت سمجھنے پر مجبور ہو جائیں۔

برطانوی سفیر کی اچکزئی سے ملاقات کیا معنی رکھتی ہے؟

برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ نے گزشتہ ہفتے نیشنل اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے مخصوص چیمبر میں محمود خاں اچکزئی سے ملاقات کی -بات چیت کا محور باہمی تعلقات اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال تھا- ملاقات ایسے وقت میں ہوئی جب پوری دنیا کا منظر نامہ تبدیل ہو رہا ہے -کئی روز سے پاک افغان جنگ بھی جاری ہے جبکہ خلیجی جنگ کے باعث دنیا بھر کی اسٹاک ایکسچینج اور سارے کا سارا معاشی نظام چاروں شانے چت ہو گیا ہے-

جین میرٹ اپوزیشن لیڈر کے پاس کیوں گئیں؟ حکومت کے بجائے محمود خاں اچکزئی سے ہی ملنا کیوں پسند کیا؟ جبکہ محمود اچکزئی افغان طالبان رجیم کے بہت قریب سمجھے جاتے ہیں -ان کے لیے ہمدردی کے جذبات اور دل میں بہت نرم گوشہ رکھتے ہیں -ماضی میں ان کی تقاریر شاہد ہیں کہ افغان طالبان رجیم کے لیے ان کی سوچ اور افکار کیا رہا ہے- حکومت اس ملاقات کو کس نظر سے دیکھ رہی ہے- کیا یہ ملاقات سفارتی آداب کے منافی تھی؟ اس پر بہت بات کی جا رہی ہے اور اس تناظر میں بحث و گفتگو، تجزیوں اور تبصروں کا سلسلہ بھی جاری ہے-

برطانوی ہائی کمیشن کا جہاں تک تعلق ہے اس کے دفاتر کراچی، اسلام آباد اور لاہور میں واقع ہیں -برطانوی ہائی کمیشن پاکستان اور برطانیہ کے مابین دوطرفہ تعلقات سے متعلق امور اور دیگر معاملات کی نگرانی کرتا ہے -اگرچہ آئین پاکستان کسی غیر ملکی سفارت کار کو کسی سیاسی شخصیت سے ملاقات کے لیے کوئی قدغن نہیں لگاتا -وہ جہاں چاہے، جب چاہے کسی سے بھی ملاقات کر سکتا ہے- لیکن اس ملاقات کو بہت غیر معمولی بنا دیا گیا ہے-

جین میرٹ، اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کے لیے نیشنل اسمبلی آئیں تو محمود اچکزئی اپنے چیمبر میں پہلے ہی سے موجود تھے -انہیں آگاہی تھی کہ جین میرٹ ملاقات کے لیے آرہی ہیں -اس موقع پر تحریک تحفظ پاکستان کے حسین احمد یوسفزئی بھی چیمبر میں پائے گئے - گفتگو کا آغاز پاکستان اور برطانیہ کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ، خطے کی مجموعی صورت حال اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور اس کے معیشت پر ممکنہ اثرات کے تناظر میں ہوا- دونوں جانب سے تعاون بڑھانے، جمہوری اقدار کے استحکام اور خطے میں دیرپا امن کے فروغ کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا-

کہا جاتا ہے ملاقات خوشگوار ماحول میں بہت تعمیری رہی -جس میں مشترکہ دلچسپی کے امور کے تناظر میں رابطوں کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا- حساس سیاسی ماحول میں کسی غیر ملکی سفارت کار کی اپوزیشن لیڈر سے ملاقات فطری طور پر بہت سے سوالات کو جنم دے رہی ہے - کوئی شک نہیں، پاکستان، برطانیہ سمیت دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ حقیقی اور مضبوط تعلقات چاہتا ہے -ہمیشہ سے اس کا خواہش مند بھی رہا ہے - کیونکہ اچھے باہمی تعلقات ہوں تو معیشت کو فروغ ملتا ہے -خوشحالی

سعد اختر

آتی ہے - مگر یہ بھی حقیقت ہے کچھ سفارتی آداب بھی ہوتے ہیں جن کا تقاضا ہوتا ہے کہ ریاستی معاملات میں کسی سے کوئی رابطہ درکار ہو تو وہ رابطہ منتخب حکومت ہی کے توسط سے عمل میں آئے- ایسے روابط یا ملاقاتوں میں شفافیت کا ہونا بھی ضروری ہے -ورنہ ابہام پیدا ہوتے ہیں، غلط فہمیاں جنم لیتی ہیں-

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پچھلے دنوں ملکی سیکورٹی کے حوالے سے اہم جلاس کا سوچا گیا تو اس میں شرکت کے لیے دیگر جماعتوں کے علاوہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی -دعوت کے لیے وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثنا اللہ اور طارق فضل چودھری خود اپوزیشن لیڈر محمود خاں اچکزئی کے چیمبر میں گئے انہیں باضابطہ طور پر اس سیکورٹی میٹنگ کے لیے مدعو کیا - مگر محمود خاں اچکزئی نے اس اہم میٹنگ میں شرکت نہ کی، کہتے ہیں وقت نہیں تھا - مگر برطانوی سفیر سے ملاقات کے لیے کافی وقت نکالا، ملاقات بھی کی -جس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ سیکورٹی ایشوز کی اپوزیشن کے نزدیک کوئی اہمیت نہیں، اچکزئی صاحب نے برطانوی سفیر سے ملاقات کے لیے وقت نکال کر یہ پیغام دیا کہ ان کی سوچ میں کہیں نہ کہیں کوئی خلل ہے - ملکی سلامتی سے زیادہ ترجیحات کچھ اور ہیں-

ذرائع کے مطابق ریاستی معاملات میں حکومت تمام جماعتوں کو آن بورڈ لینا چاہتی ہے - اس خواہش کے تحت اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں کے ساتھ حکومتی وزرا کے رابطے بھی ہوتے رہتے ہیں تاکہ سیاست میں چپقلش اور دنگا فساد کی بجائے افہام و تفہیم کی راہ پیدا کی جائے -بین الاقوامی جو حالات ہیں، پاک افغان تعلقات جس دوراہے پر کھڑے ہیں، خلیجی جنگ کا آغاز ہے -ایران اور امریکہ اسرائیل ایک دوسرے کے مدمقابل ہیں جس کی وجہ سے تیل کا عالمی بحران پیدا ہو گیا ہے- پاکستان سمیت ہر ملک کی معیشت ابتر حالت میں ہے -ایسے میں ملک کو اور بھی زیادہ یک جہتی اور مستحکم وحدت کی ضرورت ہے -ہرزہ سرائی اور منفی سیاست کسی طرح بھی کسی سیاسی جماعت اور رہنما کو زیب نہیں دیتی-

محمود خاں اچکزئی منجھے ہوئے سیاست دان اور سینئر پارلیمنٹرین ہیں - کیا مناسب نہیں تھا کہ سیکورٹی میٹنگ میں شرکت کے لیے جاتے اور جتنے بھی سیکورٹی ایشوز ہیں ان پر ہونے والی گفتگو میں اپنا حصہ ڈالتے - مگر پی ٹی آئی کے زیر اثر ہونے کے باعث انہوں نے جانے سے اجتناب کیا اور کسی پارٹی کا یرغمالی ہونے کی بابت اپنی کیفیت ظاہر کر دی - محمود خاں اچکزئی جیسے سینئر سیاستدان اگر مفادات کی سیاست کریں گے، ملکی سلامتی کے ایشوز ان کی ترجیحات میں نہیں ہوں گے، تو یقینی طور پر اپنا سیاسی قد کاٹھ گھٹائیں گے-

برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ سے محمود خاں اچکزئی کی کیا گفتگو ہوئی؟ جین میرٹ انہیں ہی کیوں ملنے آئیں؟ یہ ایسے سوال ہیں جن کا جواب قوم کو ملنا چاہیے - محمود خاں اچکزئی عام سیاستدان نہیں، اپوزیشن لیڈر کی بھی حیثیت رکھتے ہیں اس لیے ان کی ذمہ داریاں اور بھی بڑھ گئی ہیں - غیر ملکی سفیر سے ہونے والی ملاقات کے حوالے سے جو ابہام پیدا ہو چکا ہے -اس تناظر میں جو سوال اٹھائے جا رہے ہیں وہ بڑے معنی خیز ہیں -مناسب ہوگا آنے والے دنوں میں اچکزئی صاحب پریس کانفرنس کا انعقاد کر کے ٹی وی اسکرین پر آئیں، وہ سب کچھ کھول کر رکھ دیں جواب تک پوشیدہ اور صیغہ راز میں ہے-

اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے ان کی جو ذمہ داریاں ہیں ان کو نبھانا اور بھی ضروری ہو گیا ہے- جین میرٹ کے ساتھ جو گفتگو ہوئی اس کا ہر ایک لفظ، ایک ایک جملہ کسی تصحیح یا ترمیم کے بغیر من و عن قوم کے سامنے آنا چاہیے تاکہ صورت حال واضح ہو اور سارے ابہام دور ہو جائیں-

شہر قائد

دارالعلوم سبحانیہ رحیمیہ میں تراویح تکمیل قرآن کی تقریب سے پیر سید ارشد علی دعا کر رہے ہیں

گورنر سندھ نہال ہاشمی کے لیے منصب ایک بڑا امتحان ہے: پاسبان

کوٹہ سسٹم و مافیاؤں کا خاتمہ اور شہری مسائل کا حل گورنر کی ترجیحات ہونی چاہئیں

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین و عہدیداروں نے نو منتخب گورنر نہال ہاشمی کو منصب سنبھالنے پر نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ وفاق کے نمائندے کی حیثیت سے سندھ خصوصاً کراچی کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ گورنر سندھ کا منصب محض ایک اعزازی عہدہ نہیں بلکہ ایک بڑی ذمہ داری اور امتحان بھی ہے۔ سندھ کے عوام بالخصوص کراچی کے شہری یہ سوال کر رہے ہیں کہ آخر کب اس شہر کے حالات بدلیں گے اور کب سندھ کے عوام کو وڈیرہ شاہی کے نظام سے نجات ملے گی؟ کراچی ملک کی معاشی شہ رگ ہے لیکن بدقسمتی سے اسے مسلسل نظر انداز کیا جاتا رہا ہے۔ اگر کراچی کے مسائل حل کر دیے جائیں تو نہ صرف سندھ بلکہ پورے پاکستان کی معیشت مضبوط ہو سکتی ہے۔ نہال ہاشمی ایک وکیل بھی ہیں۔

فلاحی سرگرمیاں وقتی نہیں بلکہ مستقل بنیادوں پر ہونی چاہئیں، ڈاکٹر شہباز علی

کراچی (پ۔ر) ملک عبدالناصر خلجی ایڈووکیٹ کی جانب سے ایک پروقار تقریب 'عید کی خوشیاں ڈاکٹر شہباز علی ملک کے ساتھ' منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی معروف صنعتکار اور مینیجنگ ڈائریکٹر پاپولر گروپ آف انڈسٹریز، ڈاکٹر شہباز علی ملک، نے شرکت کی اور ٹیم ملک عبدالناصر خلجی کے ہمراہ مستحقین میں عید کے سوٹ اور تحائف تقسیم کیے جبکہ شرکاء میں انعامات بھی پیش کیے گئے۔ تقریب کے دوران میزبان ملک عبدالناصر خلجی ایڈووکیٹ نے مہمان خصوصی ڈاکٹر شہباز علی ملک کو گلدستہ اور یادگاری شیلڈ پیش کی۔ تقریب میں ڈی ایس پی ملک عارف خان، جمعیت علمائے پاکستان کے سینئر رہنما ملک محمد شکیل قاسمی، لائنز کلب کے ڈاکٹر فرقان، نجمہ اکبر، شبنم اشفاق، آرٹس کونسل کے شاہد محی الدین، پیر سید ارشد حسین اشرفی، پیر شیخ مقصود حسین بندگی سمیت دیگر ممتاز شخصیات بھی موجود تھیں۔ ڈاکٹر شہباز علی ملک نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عید کی اصل خوشیاں تبھی مکمل ہوتی ہیں۔

چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک بلدیاتی نمائندگان اور افسران کے ہمراہ عیدگاہوں میں صفائی و ستھرائی کا معائنہ کر رہے ہیں

شاہ فیصل ٹاؤن میں عیدالفطر سے پہلے صفائی ستھرائی کا کام مکمل

کچرے کی بروقت منتقلی اور جراثیم کش اسپرے کو یقینی بنایا جائے، چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن

کراچی (پ۔ر) چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک اپنے ٹاؤن افسران کے ہمراہ شاہ فیصل ٹاؤن میں عیدالفطر کے موقع پر صفائی ستھرائی اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے شاہ فیصل ٹاؤن میں قائم مساجد، عید گاہوں، امام بارگاہوں اور قبرستانوں کے اطراف صفائی ستھرائی کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر کے موقع پر عوام کو صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول فراہم کرنا ٹاؤن انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اس سلسلے میں مساجد، عیدگاہوں، امام بارگاہوں اور قبرستانوں کے اطراف داخلی اور خارجی راستوں پر کچرے کی بروقت منتقلی اور جراثیم کش اسپرے کو یقینی بنایا جائے اس موقع پر ڈائریکٹر ہیلتھ اینڈ سینیٹیشن فرحان شبیر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تمام یونین کمیٹیوں میں صفائی کے عملے کی اضافی ڈیوٹیاں لگادی گئی ہیں جبکہ مشینری کو بھی فعال کر دیا گیا ہے تاکہ عید سے قبل اور عید کے دنوں میں صفائی کے عمل کو بلاتعطل جاری رکھا جا سکے اسی طرح ڈائریکٹر پارکس نے بتایا کہ پارکس اور گرین بیلٹس کی صفائی و آرائش کا کام بھی تیزی سے جاری ہے اسکے علاوہ عیدگاہوں میں پانی کی چھڑکاؤ بھی کیا جا رہا ہے تاکہ عیدگاہ میں آنے والے نمازی دھول مٹی سے محفوظ رہے اور انشاءاللہ عید کی صبح بھی پانی کا چھڑکاؤ دوبارہ کیا جائے گا تاکہ شاہ فیصل ٹاؤن کی عوام کو عید کی خوشیوں کے دوران بہترین ماحول فراہم کیا جا سکے، ڈائریکٹر ایل ٹی آر نے سڑکوں اور گزرگاہوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ٹریفک کی روانی کو بحال رکھنے کیلئے مختلف مقامات پر قائم ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن بھی کیے گئے ہیں تا کہ عوام کو صفائی مہم اور انتظامات سے متعلق بروقت آگاہی فراہم کی جائے اسی دوران چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک نے تمام ڈائریکٹرز کو اپنے فرائض بروقت سرانجام دینے پر انکا شکریہ ادا کیا اور انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ شاہ فیصل ٹاؤن کی عوام کو عیدالفطر کے موقع پر بہترین بلدیاتی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

پولوگراؤنڈ میں نماز عیدالفطر کے انتظامات کا آغاز کر دیا گیا

اس سال عیدالفطر کی نماز کے لئے بڑے پیمانے پر انتظامات کئے جا رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی کے زیر انتظام شہر میں نماز عیدالفطر کا سب سے بڑا اجتماع گلشن جناح (پولوگراؤنڈ) میں منعقد کیا جائے گا جس کے لئے انتظامات شروع کر دیے گئے ہیں، بلدیہ عظمیٰ کراچی کے ترجمان دانیال سیال کے مطابق اس سال عیدالفطر کی نماز کے لئے بڑے پیمانے پر انتظامات کئے جا رہے ہیں، توقع ہے کہ گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب، ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، مختلف اسلامی ملکوں کے سفارتکار، موجودہ اور سابق وفاقی وصوبائی وزراء، ممبران قومی وصوبائی اسمبلی، میونسپل کمشنر کراچی، صوبائی سیکریٹریز، سٹی کونسل کے اراکین، مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماء اور معززین شہر کی ایک بڑی تعداد پولوگراؤنڈ میں نماز عید ادا کرے گی، اس موقع پر عیدگاہ میں اسلامی ملکوں کے پرچم لہرائے جائیں گے، نمازیوں کے لئے وضو کا انتظام کیا جائے گا، خوشبو کا اسپرے ہوگا اور صفائی ستھرائی اور سیکورٹی سے متعلق خصوصی انتظامات کئے جائیں گے، عید کے دن مرکزی دروازے کے سامنے شہریوں کو خوش آمدید کہنے کے لئے پھولوں سے مزین گیٹ بھی بنایا جائے گا۔

قرآن صرف ایک کتاب نہیں بلکہ ہدایت کا ضابطہ ہے، مفتی فیض قادری

کراچی (پ۔ر) دارالعلوم غوثیہ طفیلیہ، گلفشاں سوسائٹی، شاہ فیصل کالونی میں ختم قرآن کی محفل سے خطاب کرتے ہوئے مہتمم جامعہ و جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین ابوالحسن مفتی محمد فیض احمد قادری نے قرآن کریم کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ قرآن صرف ایک کتاب نہیں بلکہ ہدایت کا ضابطہ، اخلاق و عمل کی رہنمائی اور روحانی طاقت کا منبع ہے۔

قرآن کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ہر مسلمان کی بنیادی ذمہ داری ہے، صوفی ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روحانی تجدید اور دینی تربیت کا نہایت اہم موقع ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قرآن مجید انسانیت کے لیے ہدایت اور ضابطہ حیات ہے اور اس کی تعلیمات پر عمل کر کے ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

سندھ بھر سے

میرپورخاص سے کراچی سفر مہنگا اور اذیت ناک ہونے لگا

900 روپے کا ٹکٹ 1100 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے، نان اسٹاپ سروس کا نام لیکن حقیقت برعکس

ٹرانسپورٹرز کی من مانی عروج پر جاری، نان اسٹاپ سروس کے نام پر اضافی کرایہ وصول کرنا کھلی دھوکہ دہی کے مترادف

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص سے کراچی جانے والی ٹرانسپورٹ سروسز کی جانب سے مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا ہے، جبکہ عید کے موقع سے قبل ہی شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے مسافروں کے مطابق 900 روپے کا ٹکٹ 1100 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے، وہ بھی نان اسٹاپ سروس کے نام پر، مگر حقیقت اس کے برعکس ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیوز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بسوں کی رفتار انتہائی سست ہے، جہاں 50 منٹ میں صرف ٹنڈوالہیار کا فاصلہ طے کیا جا رہا ہے، جس سے مسافروں کو شدید اذیت کا سامنا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ نان اسٹاپ سروس کے نام پر اضافی کرایہ وصول کرنا کھلی دھوکہ دہی کے مترادف ہے، جبکہ سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ مسافروں نے شکایت کی کہ بسوں کی حالت بھی ناقص ہے اور سفر کے دوران بنیادی سہولیات کا فقدان ہے مسافروں نے مزید کہا کہ ریلوے سروس کی بندش کے بعد عوام کو مکمل طور پر نجی ٹرانسپورٹرز کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹرانسپورٹرز من مانے کرایے وصول کر رہے ہیں شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس کھلی لوٹ مار کا فوری نوٹس لیا جائے اور زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے عوام کا کہنا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو عید کے دنوں میں یہ صورتحال مزید سنگین ہو سکتی ہے، جس سے عام مسافروں کی مشکلات میں اضافہ ہوگا۔

لوڈ شیڈنگ فری زون کے دعوے مسترد، ایس ای واپڈا کے خلاف انکوائری کا مطالبہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) لوڈ شیڈنگ فری زون کے دعوے مسترد، ایس ای واپڈا کے خلاف انکوائری کا مطالبہ۔ حقیقی تاجر رہنماں، عوام اور سماجی تنظیموں کا غیر مقبول نمائندوں کے سوشل بائیکاٹ کا اعلان، رمضان میں طویل لوڈ شیڈنگ پر شدید احتجاج میرپورخاص میں لوڈشیڈنگ فری زون کے اعلانات ایک بار پھر تنازع کا شکار ہوگئے، جہاں عوام، سماجی تنظیموں اور حقیقی تاجر رہنماں نے ایس ای واپڈا امیر احمد میمن کے دعوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے قبل بھی کئی بار ایسے اعلانات کئے گئے مگر عملی طور پر صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی۔

گھوٹکی: چیئرمین جام ظفر اللہ خان دھاریجو کی جانب سے منعقدہ افطار ڈنر

گھوٹکی: چیئرمین عادلپور جام نوشیروان خان دھاریجو کی جانب سے شاندار افطار ڈنر

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) گھوٹکی جام ظفر اللہ خان دھاریجو اور چیئرمین ٹاؤن کمیٹی عادلپور جام نوشیروان خان دھاریجو کی جانب سے شاندار افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا، جس میں گھوٹکی اور عادلپور شہر کی معزز شخصیات، سیاسی وسماجی رہنماں، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، کاروباری افراد اور پاکستان پیپلز پارٹی کے عہدیداران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ افطار ڈنر کی تقریب نہایت خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ایک دوسرے سے ملاقاتیں کیں اور باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی گھوٹکی جام آصف رزاق خان دھاریجو، سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر سردار تقی خان دھاریجو، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر اختر خان بوزدار، پاکستان پیپلز پارٹی ضلع گھوٹکی کے جنرل سیکرٹری سکندر علی لاکھو، محمد اسماعیل دھاندو، سردار اختر خان سنگھڑ، وائس چیئرمین ٹاؤن کمیٹی عادلپور عبدالغفار کلوڑ، سردار بگن خان کلادی، چوہدری آصف علی آرائیں، سید ضمیر حسین شاہ، سردار انور خان شاہانی، سید برکت علی شاہ، سینئر صحافی اللہ ورایو بوزدار، ظفر احمد صدیقی، فرمان سومرو و دیگر نے شرکت کی۔

ایکریڈیٹیشن کارڈ کے معاملے پر صحافیوں کا بڑا اقدام، جرنلسٹ ایکشن کمیٹی قائم

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) صحافیوں کو ایکریڈیٹیشن کارڈ کے معاملے پر صحافیوں کا بڑا اقدام، جرنلسٹ ایکشن کمیٹی قائم۔ تنگ نظر اور اجارہ داری قائم کرنے والے عناصر کے خلاف سینئر جرنلسٹس کی قیادت میں اتحاد، برابری اور شفافیت کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص میں مختلف میڈیا سینٹروں سے تعلق رکھنے والے مقامی صحافیوں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صحافت کے شعبے میں مبینہ طور پر اجارہ داری قائم کرنے والے عناصر، غیر منصفانہ رویوں اور ایکریڈیٹیشن کارڈ کے اجرا میں شفافیت کے فقدان پر تفصیل سے غور کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا کہ چند مخصوص حلقے صحافت پر اپنی من پسند گرفت مضبوط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

متاثر خمیسو نہڑی نے انصاف کے لیے اپیل کر دی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) گاؤں بلھو میں متاثر خمیسو نہڑی کے گھر کے سامنے موجود زمین پر بااثر افراد نے مبینہ طور پر زبردستی قبضہ کر لیا ہے، جہاں قبضہ کرنے والے اب تک موجود ہیں اور زمین واگزار کرانے کے لیے کوئی کارروائی نظر نہیں آ رہی۔ متاثر خمیسو نہڑی کا کہنا ہے کہ اس معاملے کی بار بار متعلقہ حکام کو اطلاع دی گئی، مگر تاحال کوئی مؤثر اقدام نہیں کیا گیا۔ دوسری جانب مولوی خمیسو نہڑی کے مطابق امام بخش نہڑی، لونگ نہڑی، اکبر علی، جلال نہڑی، علی نواز اور دیگر افراد نے مبینہ طور پر ان کے گھر پر حملہ بھی کیا، جہاں گھر کے باہر ڈنڈا بردار افراد موجود ہیں۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد کی زیر صدارت انسانی حقوق کمیٹی کے حوالے سے اجلاس

نوابشاہ (ا ے آ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی کی زیر صدارت ضلعی سطح پر انسانی حقوق کے حوالے سے قائم ضلع کمیٹی کا اجلاس ڈی سی آفس کے دربار ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں حکومت سندھ کے محکمہ انسانی حقوق کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت تشکیل دی گئی ڈسٹرکٹ ہیومن رائٹس کمیٹی کے اغراض و مقاصد اور ذمہ داریوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کو بتایا گیا کہ کمیٹی ضلع میں انسانی حقوق کی مجموعی صورتحال کی نگرانی، خلاف ورزیوں کی تحقیقات، جیلوں، اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور دیگر مقامات کے دوروں کے ذریعے سہولیات کا جائزہ لینے کی ذمہ دار ہوگی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت دی کہ انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کو مزید مؤثر بنائیں اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جیلوں، تھانوں، اسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کے حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ انسانی حقوق سے متعلق آگاہی مہمات کو فروغ دیا جائے اور سول سوسائٹی کو بھی اس عمل میں شامل کیا جائے تاکہ عوام میں شعور بیدار کیا جا سکے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ باقاعدگی سے رپورٹیں مرتب کر کے اعلیٰ حکام کو ارسال کریں۔

بقیہ نمبر 01

نے پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ سکھر ہائیکورٹ نے ورکرز ویلفیئر میں مبینہ کرپشن سے متعلق انکوائری کا حکم دیا تھا، اس کا اب تک کیا بنا؟۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالتی استفسار پر بتایا کہ اربوں روپے کی کرپشن کی انکوائری چل رہی ہے۔ 8ارب روپے کرپشن کی انکوائری چل رہی ہے۔ جسٹس عدنان کریم میمن نے کہا کہ یہ تو بہت بڑی رقم ہے، ہمیں تو بتایا جاتا ہے پاکستان غریب ملک ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نثار وارثی نے مؤقف اختیار کیا کہ ورکرز ویلفیئر بورڈ کا کام مزدوروں کی فلاح و بہبود کے فیصلے کرنا ہے۔ بورڈ میں 4مزدور نمائندے بھی شامل کرنے تھے لیکن مزدوروں کی جگہ بینک ملازم ایگریکلچر ملازم شامل کیے گئے۔ مزدور یونین کے وکیل نے عدالت میں بتایا کہ ملازمین کی انشورنس کی مد میں جاری کردہ 8ارب روپے کی رقم میں خورد برد ہوئی ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ حکومت تو کفایت شعاری کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ لیکن یہاں تو اربوں روپے ہڑپ کیے جا رہے ہیں۔ کسی کو کوئی پرواہ تک نہیں ہے۔ عدالتوں کو کہا گیا کہ جمعے کے روز بھی بند کریں، جہاں سے انصاف ملنا تھا وہاں بھی ایک دن کم کیا گیا۔

بقیہ نمبر 02

متعدد افغان طالبان جہنم واصل جبکہ دیگر پوسٹیں چھوڑ کرفرار ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے کمپاؤنڈ اور ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر مکمل تباہ کر دیا، آپریشن غضب للحق کے تحت کارروائیاں اہداف کے حصول تک جاری رہیں گی، پاک فوج علاقے میں سکیورٹی مضبوط رکھنے اور ممکنہ دراندازی کی روک تھام کیلئے چوکس ہے۔ سکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ آپریشن کا مقصد نہ صرف دہشت گردوں کو ختم کرنا بلکہ شمالی وزیرستان میں امن وامان کی صورت حال کو یقینی بنانا اور عوام کی حفاظت کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 03

ڈاکٹر ندیم کے ہمراہ ٹیم اڈیالہ جیل پہنچی۔ میڈیکل ٹیم کو جیل ہسپتال کے طبی عملہ کا تعاون حاصل رہا۔ اس کے بعد ماہرین نے طبی معائنہ مکمل کیا اور تمام ارکان واپس چلے گئے۔ طبی معائنے کے بعد میڈیکل ٹیم اپنی رپورٹ مرتب کر کے کمشنر اسلام آباد کو پیش کرے گی جبکہ بانی کو اسپتال منتقل کرنے یا نہ کرنے کے حوالے سے بھی سفارش کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 04

دی ہیں۔ اس حوالے سے بتایا گیا ہے کہ اے جی پی آر کی طرف سے اس وقت صرف تنخواہوں کی ادائیگی کا عمل ہی جاری رکھا گیا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ یہ سخت اقدام آئی ایم ایف کے ساتھ جاری مذاکرات کے تناظر میں کیے گئے ہیں۔ حکومت مالیاتی اہداف کے مقررہ بینچ مارک کو ہرصورت پورا کرنا چاہتی ہے جس کے باعث دیگر تمام ادائیگیاں تاحال معطل رکھی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 05

کے مناسب انتظام اور پنکھوں کی موجودگی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید کے موقع پر گھروں کو لوٹنے والے غریب مسافروں کے استحصال کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے کہا کہ ہر بس اسٹینڈ پر کرائے نامے نمایاں آویزاں کر کے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے بازاروں اور مارکیٹوں میں سماج دشمن عناصر کی آمد ورفت کی کڑی مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ نمبر 06

لکھا کہ عمران خان کے بچے نائیکوپ پر پاکستان آ سکتے ہیں، انہیں پاکستانی ویزے کی ضرورت نہیں، عمران خان کے بچے پاکستان میں قیام کے دوران پاکستانی قوانین کی مکمل پاسداری کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ جمائما گولڈ اسمتھ نے بیٹوں کے پاکستان آنے کے لیے ویزا درخواست کے بارے میں تاخیر پر ٹویٹ کی تھی۔

بقیہ نمبر 07

رکاوٹ قرار دیا گیا ہے۔ تجویز دی گئی ہے کہ کرپشن کیسز میں ملزم کا "ذاتی فائدہ ثابت کرنے کی شرط ختم کی جائے، بلکہ قومی خزانے کو نقصان پہنچانے پر ہی سزا دی جانی چاہیے۔ دستاویزات کے مطابق 100 سے کم متاثرین والے دھوکہ دہی کے کیسز نیب کے دائرہ اختیار سے باہر ہونے اور انفرادی بیانات ریکارڈ کرنے کی شرط کو کیسز میں تاخیر کی بڑی وجہ قرار دیا گیا ہے۔ دستاویزات کے مطابق ملک بھر میں 23 میں سے صرف 16 احتساب عدالتیں فعال ہیں جبکہ ایک ریفرنس کا فیصلہ ہونے میں اوسطا 6 سال کا عرصہ لگ رہا ہے۔ نیب نے 2025 کے اعداد وشمار بتاتے ہوئے کہا کہ 58فیصد کیسز میں ملزمان کو سزائیں ہوئیں جبکہ 42 فیصد رہا ہوئے۔ کفایت شعاری مہم کے تحت نیب نے 238 اسامیاں ختم کر کے 66 کروڑ روپے کا بجٹ بھی واپس کیا۔ نیب نے اعلان کیا ہے کہ اب کرپشن کی تحقیقات کے لیے آرٹیفیشل انٹیلی جنس ٹولز کا استعمال کیا جائے گا اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے بنائے گئے خصوصی سیل کو مزید فعال بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 08

کی تبدیلی پر وزیراعظم سے ملاقات میں تحفظات کا اظہار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو اعتماد میں لیے بغیر گورنر سندھ کو ہٹایا گیا، کوشش ہوگی آئندہ بھی گورنر سندھ کا عہدہ ایم کیوایم کو ملے۔ امین الحق نے مزید کہا کہ سندھ حکومت کی ناقص کارکردگی کے باعث ترقیاتی منصوبے تاخیر کا شکار ہیں۔ ادھر کامران ٹیسوری کو گورنر کے عہدے سے ہٹانے کے معاملے پر سینئر رہنما ایم کیوایم پاکستان فاروق ستار نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کامران ٹیسوری کو ہٹانے کے فیصلے پرنظر ثانی کریں اور کامران ٹیسوری کو ان کے منصب پر دوبارہ بحال کریں۔

بقیہ نمبر 09

عدالت میں خارج کی گئی عمرہ درخواست بحال تصور ہوگی اور متعلقہ عدالت اس پر دوبارہ میرٹ کے مطابق فیصلہ کرے گی۔

بقیہ نمبر 10

تعطیلات ہوں گی۔ جبکہ 22مارچ کو اتوار کا دن ہے اور 23مارچ کو بھی سرکاری چھٹی ہوگی، اس طرح عید پر پنجاب کے سرکاری ملازمین کو جمعرات سے پیر تک 5چھٹیاں ملیں گی۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے بھی عید کی چھٹیوں کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کیا جس کے مطابق 20اور 21مارچ کو چھٹیاں ہوں گی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی منظوری کے بعد کابینہ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کیا جس میں کہا گیا کہ ہفتے میں 5یا 6دن کام کرنے والے تمام دفاتر میں جمعہ اور ہفتہ کو عید کی چھٹی ہوگی۔

بقیہ نمبر 11

خصوصی صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی تھے جبکہ ٹورنامنٹ کے منتظمین سید فدا حسین شاہ، علی رضا خٹک، اسماعیل کنبھر، سید سکندر عباس شاہ، سید جان عالم شاہ شیرازی اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ٹھٹھہ اظہر علی بروہی تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے جیتنے اور ہارنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں تقسیم کیں اور ایک لاکھ روپے نقد انعام دیا۔ جیتنے والی ٹیم کو 40,000 اور روپے ہارنے والی ٹیم کو 30,000۔ شاہ شیرازی نے کہا کہ یہ رمضان نائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ ان کے والد محترم الحاج سید اعجاز علی شاہ شیرازی کی یاد میں منعقد کیا گیا ہے جنہیں ہم کبھی فراموش نہیں کر سکتے، وہ ہمیشہ ہمارے دلوں میں موجود ہیں۔ صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے کہا کہ الحاج سید اعجاز علی شاہ شیرازی نے اپنی پوری زندگی بلا تفریق عوام کی خدمت میں گزاری، جنہیں پورے سندھ کے لوگ یاد کرتے ہیں، ان کی یاد کو تازہ کرنے کے لیے اس شاندار پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اس فٹبال ٹورنامنٹ میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے شاندار پرفارمنس پیش کی جس پر بھروسہ کرتے رہیں گے، کھلاڑیوں کے ساتھ ہمارا مکمل تعاون رہے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ٹھٹھہ اظہر علی بروہی نے کہا کہ یہ نائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ 10 رمضان شریف سے شروع ہوا جس میں 14 ٹیموں نے حصہ لیا جس کا فائنل میچ المہر ان ٹیم مکلی اور شاہ لاہوت فٹ بال ٹیم ٹھٹھہ کے درمیان کھیلا گیا جو ٹائی رہا جس کے بعد شاہ لاہوت ٹیم ٹھٹھہ نے پنالٹی کک کے ذریعے فتح اپنے نام کی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کھیل ٹھٹھہ کے کھلاڑیوں کے ساتھ ہے، ہر ممکن مدد کرتے ہوئے انہیں ترقی کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، تا کہ یہاں کے کھلاڑی آگے بڑھ کر اپنے ضلع اور ملک کا نام روشن کرسکیں۔

بقیہ نمبر 12

ملاقاتیں بھی کیں، جب کہ ہٹائے گئے تمام اہلکار سابق وزیر اعلی علی امین گنڈاپور کے دور سے ڈیوٹی دے رہے تھے۔ یاد رہے کہ دو دن قبل سہیل آفریدی نے اسلام آباد سے ویڈیو لنک سے گورننس سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا تھا کہ سرکاری اداروں کی کارکردگی کو مؤثر اور جواب دہ بنایا جارہا ہے، تا کہ عوامی اعتماد بحال ہو سکے۔ دریں اثنا وزیر اعلی خیبر پختونخوا بانی پی ٹی آئی سے جیل میں ملاقات کی راہ ہموار کرنے اور عید کے موقع پر ملاقات کے لیے سرگرم ہو گئے ہیں، وہ کوشش کر رہے ہیں کہ عمران خان سے ملاقاتوں کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو، جو ان کے وزیر اعلی بننے کے بعد سے بند ہے۔ سہیل آفریدی کی اہم ملاقاتیں ایک ایسے وقت میں ہوئی ہیں جب وہ عید کے بعد عمران خان کی رہائی کے حوالے سے ملک گیر تحریک کی تیاری کر رہے ہیں اور عید کے بعد باقاعدہ رہائی فورس بھی تشکیل دے رہے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملاقاتوں میں بانی سے ملاقات اور بہتر علاج تک رسائی کے حوالے سے بھی بات ہوئی۔

بقیہ نمبر 13

ہوتی ہیں۔ محمد زبیر نے بتایا کہ جب میں گورنر سندھ تھا تو صدر کو ایک تفصیلی لیٹر لکھا تھا کہ ملٹری سیکریٹری وغیرہ کا کنسپٹ پرانا ہے، اس کی سینس نہیں بنتی، ختم کیا جائے ، گورنر رکھنا ہے تو مناسب طریقے سے رکھیں، گورنر ہاؤس وہی ہیں جو گورے چھوڑ کر گئے تھے، اب اس کی مینٹین کرنے کے لیے 30مالی چاہیں، کھانا پینا سب فری ہے، گورنر اور اس کی فیملی کے لیے بجلی ، پٹرول، کاریں اور نوکر چاکر دستیاب ہیں۔ اس وقت میری تنخواہ 80ہزار تھی اور یہی رقم عمران اسماعیل نے بھی تصدیق کی ، پنشن مجھے نہیں ملتی لیکن میرا خیال ہے کہ 60ہزار کے لگ بھگ پنشن ہوگی، سٹینو اور ڈرائیور بھی ملتا ہے۔

بقیہ نمبر 14

میزائل سسٹم نیٹو کی ریڈار بیس کے قریب کام کرے گا۔ دفاعی نظام کا مقصد ایران جنگ کے دوران فضائی دفاع کو مضبوط کرنا ہے، انجرلک ایئربیس پر امریکا اور دیگر ممالک کے فوجی اہلکار تعینات ہیں۔ واضح رہے کہ ترکیے میں نیٹو افواج کا ایک بڑا حصہ موجود ہے اور یہ ایران کے پڑوس میں واقع ہے۔

بقیہ نمبر 15

خطے میں امن کے لیے فوری اقدامات ناگزیر قرار دے دیے۔ پاکستان علما کونسل کا کہنا ہے کہ اسلامی ممالک فوری جنگ بندی کے لیے عملی اقدامات کریں۔ علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ عرب و اسلامی ممالک امن کے قیام اور جنگ کے خاتمے کے لیے کردار ادا کریں، فلسطین کے معاملے پر اسلامی ممالک کو واضح اور دو ٹوک پالیسی دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 19 روز سے مسجد اقصی بند ہے، رمضان میں بھی عبادت کی اجازت نہیں دی جارہی، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی امن کوششوں کو اجلاس سے تقویت ملنے کی امید ہے۔

بقیہ نمبر 16

خلیجی ممالک میں سکیورٹی کی صورتحال کے پیش نظر ایئرلائن نے اگلے 48 گھنٹے کے لیے فجیرہ کے لیے اپنی پروازیں فوری طور پر معطل کر دی ہیں۔ ترجمان پی آئی اے کا کہنا ہے کہ متحدہ عرب امارات کے شہرالعین کے لیے ایئرلائن کی پروازیں حسب معمول جاری رہیں گی۔ مزید برآں، انہوں نے بتایا کہ فی الحال متحدہ عرب امارات کے لیے پروازیں صرف العین کے لیے ہی آپریٹ کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 17

انہوں نے سکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کارروائی بلوچستان میں امن وسلامتی کے لیے اہم ہے۔ سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ افغانستان دہشتگردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ ہے، بلوچستان کے لوگ اب دہشتگردی کو قبول نہیں کرتے، سکیورٹی اداروں کی کامیاب کارروائی نے بڑی تباہی سے بچا لیا، گرفتار خاتون خودکش بمبار لائبہ کی کہانی سب کے سامنے ہے۔ گرفتار خاتون لائبہ نے نیوز کانفرنس میں اپنا بیان دیتے ہوئے کہا کہ وہ ضلع خضدار سے تعلق رکھتی ہے اور اسے طالبان کمانڈر ابراہیم نے خودکش بمباری کے لیے ذہن سازی کے بعد تیار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خودکش مشن کے لیے تیار کیا گیا تھا لیکن گرفتار ہوگئی، مجھے ٹارگٹ دیا گیا تھا کہ مزید لڑکیوں کو خودکش حملوں کے لیے تیار کروں، لیکن میں تمام خواتین سے کہوں گی کہ کسی غلط سرگرمی کا حصہ نہ بنیں۔ وزیر اعلی بلوچستان اور صوبائی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ اس کامیاب آپریشن کے بعد بلوچستان میں دہشتگردی کے خاتمے کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے اور عوام کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے سکیورٹی فورسز ہر وقت متحرک ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ تمام سکیورٹی فورسز کے اہلکار مبارکباد کے مستحق ہیں، جنہوں نے بلوچستان میں کامیاب آپریشن کر کے امن و امان قائم رکھا، سکیورٹی فورسز کی کوششوں کی بدولت بلوچستان کو محفوظ بنایا گیا ہے اور عوام کو امن کے ماحول میں زندگی گزارنے کا موقع ملا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچ ایک غیرت مند قوم ہے اور بلوچستان کے عوام حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کر رہے ہیں، خود حساس معلومات شیئر کر کے سکیورٹی فورسز کی مدد کر رہی ہیں، دہشتگرد بلوچ خواتین کا استحصال کر رہے ہیں اور بلوچیت کے نام پر عوام کو گمراہ کیا جا رہا ہے۔ سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بشیر زیب اینڈ کمپنی اور بی ایل اے نے خواتین کے احترام کو نقصان پہنچایا اور یہ عمل نا قابل قبول ہے، بلوچستان کی قوم کو سوچنا پڑے گا کہ انہیں لاحاصل جنگ کی جانب دھکیل دیا گیا، اہم بات یہ ہے کہ بہت عرصے بعد ہیومن انٹیلی جنس سکیورٹی فورسز کو معلومات حاصل ہونا شروع ہوئی ہیں۔ وزیر اعلی نے کہا کہ خواتین کے معاملات اور حساس کیسز کو صرف لیڈیز پولیس حل کرے گی تا کہ خواتین کے حقوق اور حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے، انہوں نے عوام پر زور دیا کہ کسی بھی طرح کی غلط سرگرمی یا دہشتگردانہ کارروائی کا حصہ نہ بنیں۔

بقیہ نمبر 18

پر آگئے۔ محمد رضوان دو درجہ اور فخر زمان 4درجہ تنزلی کے بعد بالترتیب 26ویں اور 31ویں نمبر پر چلے گئے۔ ون ڈے بولرز رینکنگ میں ابرار احمد 4درجہ تنزلی کے بعد 13ویں نمبر پر گئے، شاہین آفریدی اور حارث رؤف ایک ایک درجہ ترقی سے بالترتیب 17ویں اور 9ویں پوزیشن پر آ گئے۔ آل راؤنڈرز کی فہرست میں سلمان آغا 3درجہ ترقی سے 10ویں پوزیشن پر آ گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

خیریت بھی دریافت کی جبکہ اداکارہ سے رمضان کے روزے کے حوالے سے بھی سوال کیا۔ جس پر اداکارہ نے بتایا کہ روزے اچھے جا رہے ہیں اور ساتھ ساتھ کام بھی چل رہا ہے، جس پر خاتون نے نجی ٹی وی سے نشر ہونے والے ڈرامے 'میری زندگی ہے تو' کی تعریف کی اور سوال پوچھا کہ کیا آپ کی شادی ہوگئی؟ جواب میں اداکارہ نے کہا کہ ابھی میری شادی نہیں ہوئی، آپ دعا کیجئے ، جس پر خاتون نے اچھے نصیب کی دعا کی۔ سوشل میڈیا پر وائرل اس ویڈیو پر صارفین کی جانب سے مختلف تبصروں کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ نمبر 20

میں ڈپٹی کمشنر ساتھ نے سوالنامے کا تحریری جواب جمع کرادیا۔ جواب کے مطابق آگ لگنے کی اطلاع صبح 10 بجکر 27منٹ پر موصول ہوئی، جس پر فوری طور پر ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر گارڈن نے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر ساتھ کے مطابق وہ 10 بجکر 31منٹ پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور پہنچتے ہی کے ایم سی، فائر بریگیڈ، ریسکیو 1122 اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر کارروائی شروع کی گئی۔ جواب میں کہا گیا ہے کہ بغیر کسی تاخیر کے ریسکیو آپریشن کا آغاز کیا گیا، جبکہ پولیس اور ٹریفک پولیس نے اپنی حدود میں رہتے ہوئے ہجوم کو کنٹرول کیا تا کہ امدادی سرگرمیوں میں رکاوٹ نہ آئے۔ ڈپٹی کمشنر ساتھ نے بتایا کہ آگ کی شدت عمارت کے اندرونی ڈھانچے اور آتش گیر مواد کی موجودگی کے باعث زیادہ ہوئی۔

بقیہ نمبر 21

762روپے پر برقرار رہا، جبکہ 10 گرام سونا 4لاکھ 9 4ہزار 1 4روپے کی گزشتہ قیمت پر قائم ہے۔ عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونا بغیر کسی ردوبدل کے 5ہزار 10ڈالر پر مستحکم ہے۔ دوسری جانب پاکستان میں چاندی کی فی تولہ قیمت 75روپے کم ہو کر 8ہزار 494روپے پر آ گئی ہے۔

بقیہ نمبر 22

ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سکواڈ میں شامل گاڑی پھسلن کے باعث سی پیک موٹروے سے نیچے گر گئی تھی۔

بقیہ نمبر 23

مسلم ممالک میں اختلافات پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ اسرائیل اور امریکا نے یہ جنگ ایران پر مسلط کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکی اڈے ہی ہمارے اہداف ہیں، ایران کی خارجہ پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ ہمسائیوں کے ساتھ کوئی دشمنی نہیں، کوئی جنگ نہیں ہے۔ ایرانی قونصل جنرل نے کہا کہ ہمسائیوں نے اپنی مٹی کا کچھ حصہ امریکا کے سپرد کیا ہے، امریکا نے ہمسائیوں کے اس حصے پر اپنے فوجی اڈے بنائے ہیں۔ مہران موحد فر نے کہا کہ اکثر زائرین فلائٹس کے ذریعے مشہد اور تہران جاتے تھے، زائرین کے لیے فضائی آپریشن فی الوقت معطل ہے۔ جنگ سے پہلے روزانہ زائرین کی خدمت کر رہے تھے۔

بقیہ نمبر 24

دوستی پر زور دیا۔ نجی ٹی وی چینل کے مطابق وزیر اعلی نے دورہ چین کی دعوت شکریہ کے ساتھ قبول کی اور سٹریٹجک تعاون، سی پیک کے فروغ، دفاعی تعاون اور دیگر ممالک کے ساتھ کشیدگی کم کرنے میں چین کے کردار پر تشکر کا اظہار کیا، انہوں نے نئے قونصل جنرل کی سفارتی مہارت کو بھی سراہا۔ ملاقات میں پنجاب حکومت اور چینی قونصل خانے کے ساتھ مل کر اقتصادی اور ثقافتی تبادلوں کو وسعت دینے، تجارت، انفراسٹرکچر، توانائی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعلی مریم نواز نے پنجاب میں صنعتی ترقی، لاجسٹک کوریڈورز اور تکنیکی شراکت داری کے ذریعے معاشی ترقی کے اہداف پر زور دیا، جبکہ قونصل جنرل سن یان نے پاکستان اور چین کے تعلقات کو سٹریٹجک اعتماد، باہمی احترام اور غیر متزلزل یکجہتی کی روشن مثال قرار دیا۔

بقیہ نمبر 25

سے جاری بیان کے مطابق یہ دورہ سعودی عرب کے وزیر خارجہ کی دعوت پر کیا جا رہا ہے، جس کے دوران وہ علاقائی صورتحال پر ہونے والے اہم وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اجلاس میں محمد اسحاق ڈار خطے کے برادر ممالک کی خودمختاری، علاقائی سلیت اور سیاسی آزادی کی مکمل حمایت کا اعادہ کریں گے۔ وزیر خارجہ اپنی تقاریر میں برادر ممالک کی سرزمین پر ہونے والے حملوں کے خاتمے پر زور دیں گے اور خطے میں کشیدگی کے فوری خاتمے کی ضرورت کو اجاگر کریں گے۔ اس موقع پر وہ مذاکرات اور سفارتکاری کی جانب واپسی کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے امن کے قیام پر زور دیں گے۔ اسحاق ڈار خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو بھی اجاگر کریں گے اور اس عزم کا اظہار کریں گے کہ پاکستان موجودہ سکیورٹی صورتحال کے حل میں اپنا مؤثر کردار جاری رکھے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق یہ اجلاس خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جس میں مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 26

یہ ممالک امریکا کے مؤقف سے متفق تھے، لیکن مشکل وقت میں انہوں نے عملی مدد فراہم نہیں کی۔ یاد رہے کہ برطانیہ، فرانس، آسٹریلیا، جاپان، جنوبی کوریا اور چین پہلے ہی آبنائے ہرمز سے متعلق کسی ممکنہ کارروائی میں شرکت سے انکار کر چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

سے ٹیلیفونک گفتگو کی۔ گفتگو کے دوران خطے کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور بڑھتی ہوئی کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے فوری طور پر تناؤ میں کمی کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ تعمیری مذاکرات اور سفارتکاری ہی مسائل کے حل اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے واحد مؤثر ذرائع ہیں۔

بقیہ نمبر 28

مطابق صدر مملکت نے نومبر 2025 میں ڈاکٹر علی لاریجانی کے پاکستان کے سرکاری دورے کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس موقع پر دونوں رہنماؤں کے درمیان مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا تھا، ملاقات میں پاک ایران تعلقات کو مضبوط بنانے میں علی لاریجانی کے کردار کو بھی سراہا گیا تھا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے باعث انسانی جانوں اور انفراسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے، جس سے سنگین معاشی اثرات اور عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے۔ انہوں نے تمام فریقین پر ضبط وتحمل کا مظاہرہ کرنے اور دشمنیوں کے خاتمے پر زور دیتے ہوئے مکالمے اور سفارتکاری کو ترجیح دینے کی اپیل کی۔ صدر مملکت نے امید ظاہر کی ہے کہ صورت حال جلد مستحکم ہوگی اور مزید جانی نقصان اور علاقائی اثرات سے قبل امن بحال ہو جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان کشیدگی میں کمی اور خطے میں امن کے فروغ کی کوششوں کی حمایت کے لیے پرعزم ہے جبکہ صدر مملکت نے واضح کیا ہے کہ پاکستان تنازع کم کرنے کے لیے مکالمے اور سفارتی کوششوں میں تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 29

ایک انتہائی اہم سنگ میل اور کامیاب اقدام ہے۔ شہباز شریف نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی تمام ادائیگیاں سوشل پروٹیکشن والٹس کے ذریعے یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں وزیراعظم کو بریفنگ دی گئی کہ پی ایم رمضان ریلیف پیکیج 2026 کے تحت اب تک 19لاکھ 55ہزار 620ڈیجیٹل ٹرانزیکشنز کی جا چکی ہیں۔ شرکا کو بتایا گیا کہ پی ایم رمضان ریلیف پیکیج 2026 کے حوالے سے ایک بھرپور آگاہی مہم چلائی جارہی ہے، پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پر باضابطہ آگہی پیغامات کی وجہ سے مستحقین کو پیکیج کے بارے تمام تر معلومات بہم پہنچائیں گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 9999ہیلپ لائن پر صارفین کی جانب سے 1.7 ملین ان باؤنڈ کالز موصول ہوئیں جبکہ اس پروگرام کے بارے 2.7ملین ایس ایم ایس بھیجے گئے۔ پی ایم رمضان ریلیف پیکیج 2026 کے تحت سوشل پروٹیکشن والٹس ملک میں ڈیجیٹل نظام میں صنفی تقسیم کم کرنے میں انتہائی کارگر ثابت ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ ، وفاقی وزیر تخفیف غربت و سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 30

کر رہا ہے، پاکستان کی افغان عوام سے کوئی لڑائی نہیں انہیں تو خود دہشتگردوں نے یرغمال بنا رکھا ہے۔

بقیہ نمبر 31

حکام نے شرکت کی۔ وزیراعلی سندھ نے اہم انفراسٹرکچر منصوبوں اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے کلیدی اصلاحات کی بھی منظوری دی۔ صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سکھر اور روہڑی ایک مربوط شہری اور معاشی راہداری بن چکے ہیں، جہاں روہڑی، صالح پٹ اور چوعاقل کے تقریبا 70فیصد مکین روزگار، تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے سکھر جاتے ہیں۔ فی الحال مرکزی گزرگاہ لینس ڈاؤن پل ہے، جبکہ سکھر بیراج بھی معاونت کرتا ہے۔ تاہم مرمت کے باعث سکھر بیراج کم از کم 2027 تک عوامی آمد ورفت کے لیے بند رہے گا۔ وزیراعلی سندھ کے مطابق ایک مطالعے سے معلوم ہوا کہ روزانہ 30ہزار سے زائد گاڑیاں لینس ڈاؤن پل استعمال کرتی ہیں۔ اس کی تاریخی حیثیت اور پرانے ڈھانچے کی وجہ سے بھاری ٹریفک خصوصا این فائیو اور ایم فائیو جیسی شاہراہوں کی طرف جانے والی کو اس پل پر جانے کی اجازت نہیں۔ اس صورتحال کے باعث رش کے اوقات میں شدید دباؤ اور ٹریفک جام رہتا ہے، جس سے ہنگامی طبی سہولیات اور فائر بریگیڈ جیسی خدمات بھی متاثر ہوتی ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے وزیراعلی سندھ نے نئے سکھر روہڑی پل منصوبے کے لیے پروجیکٹ ڈیولپمنٹ فیسیلٹی (پی ڈی ایف) کی منظوری دی تا کہ ماہر مشیروں کی خدمات حاصل کی جا سکیں۔ یہ منصوبہ سندھ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے تحت پی پی پی ماڈل کے ذریعے مکمل کیا جائے گا۔ یہ پل بکھر جزیرے کے شمال میں تقریبا 1.5 کلومیٹر طویل، کیئرلین (ملٹی لین) ہوگا، جس میں بھاری تجارتی گاڑیوں کے لیے گنجائش اور پیدل چلنے والوں کے لیے مخصوص راستے شامل ہوں گے۔ پی پی پی بورڈ نے 39 کلومیٹر طویل شاہراہ بھٹو ایکسپریس وے کا جائزہ لیا، جو اس وقت 88.2فیصد مکمل ہو چکی ہے۔ وزیراعلی سندھ نے ہدایت دی کہ اسے اپریل 2026 تک مکمل طور پر فعال بنایا جائے۔ اس کے علاوہ، سموں گوٹھ کے قریب 4.5 کلومیٹر بلند حصے پر شمسی توانائی سے چلنے والی اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور 25 سالہ دیکھ بھال کی منظوری بھی دی گئی، تا کہ سکیورٹی اور محفوظ سفر کو یقینی بنایا جا سکے۔ پی پی پی بورڈ نے کاٹھوڑ انٹرچینج کے فزیبلٹی اسٹڈی اور تفصیلی ڈیزائن کے معاہدے کی منظوری دی، جس کا مقصد ایکسپریس وے کے اختتامی مقام پر بہتر رابطہ فراہم کرنا ہے۔ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ کے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) نظام کو زیادہ شفاف اور قابل سرمایہ کاری بنانے کے لیے کئی اہم فیصلوں کی منظوری دی۔ پی پی پی بورڈ نے انفراسٹرکچر منصوبوں میں غیر معمولی بولیوں (abnormal bids) کی جانچ کے لیے نئے قواعد منظور کیے، جن کے تحت تخمینہ لاگت سے 15 فیصد زیادہ یا کم بولیوں کو مسترد کر دیا جائے گا تا کہ مالی نظم وضبط برقرار رکھا جا سکے۔ اسی طرح، نجی شعبے کی جانب سے پیش کیے جانے والے منصوبوں (unsolicited proposals) کے لیے بھی باقاعدہ طریقہ کار منظور کیا گیا۔ اس میں رائٹ آف فرسٹ ریفیوزل (ROFR) کا نظام شامل ہے، جس کے تحت اگر ابتدائی تجویز دینے والا سب سے کم بولی دہندہ نہ بنے، مگر اس کی بولی جیتنے والی بولی سے 20فیصد سے زیادہ نہ ہو، تو وہ یا تو جیتنے والی بولی کے برابر آ سکتا ہے یا منصوبے کی تیاری کے اخراجات کی واپسی حاصل کر سکتا ہے (زیادہ سے زیادہ 10 کروڑ روپے یا کل لاگت کا 1فیصد جو کم ہو)۔ ان اقدامات کا مقصد شفافیت بڑھانا، نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور سندھ میں پائیدار انفراسٹرکچر ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 32

رضا سمیت اسرائیلی حملے میں شہید ہوئے، ان کی شہادت کا واقعہ تہران میں پیر اور منگل کی درمیانی رات ساڑھے 3 بجے پیش آیا۔ اس سے پہلے علی لاریجانی کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے ہاتھ سے لکھا پیغام جاری کیا گیا تھا جس میں شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا گیا تھا، اسرائیل نے گزشتہ روز علی لاریجانی اور بسیج فورس کے کمانڈر غلام رضا سلیمانی کو نشانہ بنانے کا دعوی کیا تھا۔ نیوز ایجنسی کے مطابق سکیورٹی کونسل میں خدمات انجام دینے سے پہلے علی رضا ایران کی حج و زیارت تنظیم کے سربراہ رہ چکے تھے اور اس سے قبل ملک کے سکیورٹی اداروں میں بھی خدمات انجام دے چکے تھے۔ ایران کی قومی سلامتی کے سیکرٹری علی لاریجانی کی شہادت کے بعد سابق سیکرٹری سعید جلیلی کے عارضی طور پر علی لاریجانی کی جگہ لینے کا امکان ہے۔ علی لاریجانی کو سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے نامزد کیا تھا، ان کے ساتھ نیشنل سکیورٹی کونسل کے سابق سیکرٹری سعید جلیلی بھی شامل تھے۔ امکان ہے کہ عارضی طور پر سعید جلیلی شہید علی لاریجانی کی جگہ لیں گے، جب تک نئے ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبی خامنہ ای کونسل میں اپنے نمائندے نامزد نہیں کر دیتے۔

بقیہ نمبر 33

ہی اعلان کیا جائے گا نا، پہلے چاند کی شہادتیں چاروں صوبوں سے اکٹھی کی جاتی ہیں پھر میٹنگ ہوتی ہے اس کے بعد فیصلہ کیا جاتا ہے تبھی وقت تو لگ جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چاند نظر آئے بغیر تو اعلان نہیں کیا جا سکتا، چلیں رپورٹ مانگ لیتے ہیں۔ عدالت نے وزارت مذہبی امور سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی تاہم آئندہ سماعت کیلئے تاریخ نہ دی۔

بقیہ نمبر 34

پر فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور صوبوں کی مشاورت جاری ہے؛ ہاؤس مورٹگیج کے حوالے سے اصلاحات کا مسودے پر مشاورت جاری ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کم آمدن والوں کے لئے گھروں کی تعمیر پر لائحہ عمل تیار کیا جارہا ہے، رئیل اسٹیٹ اور ہاؤسنگ کے شعبوں کے ضابطہ کار کے حوالے سے رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ ہاؤس فنانس کے حوالے سے رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ پر وزارت خزانہ ، ایف بی آر، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن اور صوبے وزارت ہاؤسنگ کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض پیرزادہ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وزیراعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی روابط رانا ثنا اللہ، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلی سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 35

سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کی درخواست پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ وقفہ 18، 19مارچ کی درمیانی شب سے لے کر 23، 24مارچ کی درمیانی شب تک مؤثر ہوگا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان یہ اقدام نیک نیتی اور اسلامی اقدار کے مطابق پیش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی سرحد پار حملے، ڈرون حملے یا پاکستان کے اندر دہشت گردی کے واقعے کی صورت میں "آپریشن غضب للحق "فوری طور پر مزید شدت کے ساتھ دوبارہ شروع کر دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 36

تنصیبات موجود تھیں انہیں نشانہ بنایا گیا، ممکن ہے نشانہ بنائے گئے کچھ مقامات شہری علاقوں کے قریب ہوں، ان حملوں سے خطے کے ممالک اور ان کے عوام کو نقصان اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ 28فروری کو جنگ شروع کرنے کا الزام مکمل طور پر امریکا پر عائد ہوتا ہے، خلیجی ممالک کے شہری علاقوں کے قریب حملوں کی ذمے داری بھی امریکا پر ہی عائد ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 37

ہوئے ٹکڑے وسیع علاقے میں پھیل گئے جس کے اثرات تل ابیب کے مختلف علاقوں میں دیکھے گئے۔ یروشلم، رامات گن اور بنی براک سمیت مرکزی اسرائیل کے مختلف مقامات پر بھی نقصان کی اطلاعات ہیں۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق اس حملے میں ایک 70سالہ مرد اور خاتون ہلاک ہوگئے جو کسی محفوظ پناہ گاہ میں موجود نہیں تھے، شارون کے علاقے میں کم از کم پانچ افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق وسطی اسرائیل میں ایرانی میزائل حملوں سے بڑے پیمانے پر املاک کو نقصان پہنچا، ایرانی میزائلوں سے کم از کم چار مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ نمبر 38

منظوری کی صورت میں ملک بھر کے بجلی صارفین، بشمول کراچی، پر 14ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ سی پی پی اے کے مطابق فروری میں مجموعی طور پر 7ارب 69 کروڑ 60 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی، جن میں سے 7ارب 42 کروڑ 70لاکھ یونٹس ڈسکوز کو فراہم کی گئیں۔ ڈسکوز کو فراہم کی جانے والی بجلی کی لاگت 8روپے 37 پیسے فی یونٹ رہی جبکہ پیداواری لاگت 8روپے 15 پیسے فی یونٹ رہی۔ فروری کے لیے ریفرنس لاگت 6روپے 73 پیسے فی یونٹ مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 39

نے عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر مبارکباد کا تبادلہ کیا اور پاکستان وکویت سمیت پوری امت مسلمہ کے امن اور خوشحالی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے امیر کویت شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ایک بار پھر کویت پر حملوں کی شدید مذمت اور قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کیا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی اور کویت کے برادر عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی اور حمایت کا اظہار کیا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے تمام علاقائی ممالک پر امن واستحکام برقرار رکھنے، اختلافات کو مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے حل کی ضرورت پر زور دیا اور پاکستان اور کویت کے درمیان مضبوط تاریخی برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کویتی ولی عہد کو اپنی سہولت کے مطابق پاکستان کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت کا بھی اعادہ کیا۔ اعلامیہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔ دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف اور عمان کے سلطان ہثیم بن طارق کے درمیان بھی ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے عمان کے سلطان ہثیم بن طارق کو ٹیلی فون کیا، اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے عید کے پرمسرت موقع پر مبارکباد کا تبادلہ کیا اور دونوں ملکوں کے عوام، امت مسلمہ کی خوشحالی اور امن کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 40

ردعمل ہے۔ نیشنل موبلائزیشن فرنٹ کے مطابق افغانستان کے عوام طالبان کے خلاف کھڑے ہونے کے علاوہ اپنے لئے کوئی اور راستہ نہیں دیکھتے، افغانستان میں آبادی کا ایک بڑا حصہ سیاسی، معاشی، ثقافتی اور سماجی مسائل سے پریشان ہے۔ نیشنل موبلائزیشن فرنٹ کا کہنا ہے کہ اگر سابق سوویت یونین کے خلاف جہاد فرض تھا تو آج طالبان رجیم کے خلاف یہ اس سے بھی زیادہ فرض ہو چکا، افغان طالبان عوام کے نمائندے نہیں بلکہ غاصب ہیں، انہوں نے افغانستان پر جبرا قبضہ کر رکھا ہے۔ نیشنل موبلائزیشن فرنٹ نے کہا کہ افغان سرزمین کے بیٹے اور بیٹیاں اس دہشت گرد گروہ کے چنگل سے اپنے ملک کو بچانے کیلئے تیار ہیں اور کھڑے ہیں، بدقسمتی سے طالبان رجیم مکالمے کے قائل نہیں اور نہ ہی سمجھ بوجھ رکھتے ہیں، یہ تاریکی اور جہالت کا ایک گروہ ہے۔ ماہرین کے مطابق نیشنل موبلائزیشن فرنٹ کا یہ ردعمل افغان طالبان رجیم کی دہشت گردی کی پشت پناہی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو ظاہر کرتا ہے، نیشنل موبلائزیشن فرنٹ کا خواتین، اقلیتوں اور تعلیم سمیت بنیادی حقوق کا مطالبہ ایک مضبوط عوامی بیانیہ بن چکا ہے۔

بقیہ نمبر 41

دیگر مشرق وسطی کے لیے 20پروازیں منسوخ ہوئیں، اسلام آباد ایئرپورٹ سے دبئی، دوحہ، بحرین، کویت اور مسقط کے لیے 28پروازیں منسوخ کی گئیں۔ لاہور ایئرپورٹ سے کویت، دوحہ، بحرین اور ابوظہبی کے لیے دوطرفہ 18پروازیں منسوخی کا شکار ہیں، پشاور ایئرپورٹ سے دوحہ، دبئی اور ابوظہبی کے لیے 16پروازیں منسوخ کی گئیں، ملتان ایئرپورٹ سے مشرق وسطی کے لیے 4اور سیالکوٹ ایئرپورٹ سے دبئی، دوحہ، ریاض اور بحرین کے لیے 6پروازیں منسوخ ہوئیں۔ علاوہ ازیں، فیصل آباد ایئرپورٹ پر آج مشرق وسطی کی پروازوں کا آپریشن معمول کے مطابق جاری رہا۔ پاکستان سے گزشتہ 19دن کے دوران مشرق وسطی کے لیے مجموعی طور پر منسوخ پروازوں کی تعداد 1,822 ہو چکی ہے، جس سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 42

یاد رہے کہ پاکستان نے 23اپریل 2025 سے بھارتی طیاروں کے لئے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے۔

بقیہ نمبر 43

علیمہ خان کو ہرصورت پیش ہونے کا حکم دیا جب کہ آئندہ تاریخ پر تمام 11ملزمان اور آخری گواہ کو بھی طلب کر لیا گیا۔ عدالت نے کہا کہ آئندہ تاریخ پر وکیل صفائی آخری گواہ پر جرح کریں گے، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے سماعت کی۔

بقیہ نمبر 44

کام کرنے سے گریز کیا۔ حالیہ کشیدگی کے دوران پی این ایس سی نے پاکستان اسٹیٹ آئل (PSO) کے انتظامات کے تحت تقریبا 5لاکھ 74ہزار میٹرک ٹن خام تیل (8تا 9 کارگو) اور 61ہزار میٹرک ٹن گیس آئل کی کامیاب ترسیل کی، جبکہ بین الاقوامی فریٹ مارکیٹ میں 5سے 6 گنا اضافے کے باوجود فریٹ کی سطح کو مستحکم رکھا۔ پی این ایس سی کی یہ کارکردگی اس امر کو اجاگر کرتی ہے کہ بحرانی حالات میں پاکستانی پرچم بردار جہاز اور قومی عملہ ملک کی سپلائی چین کو برقرار رکھنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کارپوریشن درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان کو ترغیب دیتی ہے کہ وہ طویل مدت میں قومی جہازرانی خدمات سے استفادہ کریں تا کہ بحری خود انحصاری کو فروغ دیا جا سکے اور مشکل حالات میں تسلسل یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 45

ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہماری بے گناہ خواتین اور بچوں کو جیل میں قید کر رکھا ہے، ایسے کیسے مذاکرات ہونگے؟ عمران خان نے ایسا کیا جرم کر دیا کہ اس کی ملاقاتیں بند کی ہوئیں؟ اس کی بہنوں پر جیل کے باہر تشدد ہوتا ہے، خیبر پختونخوا کا وزیر اعلی صرف ایک شخص نہیں ایک پورے صوبے کا نمائندہ ہے اس کو اپنے لیڈر سے نہیں ملنے دیا جاتا۔ محمود خان اچکزئی نے مزید کہا عمران خان کوئی معمولی آدمی نہیں ہے، عمران خان اس وقت حکومت پاکستان کی تحویل میں ہے اگر ان کو زکام بھی ہوتا ہے تو حکومت پاکستان اس کی ذمہ دار ہے . عمران خان کے ذاتی معالجین کو ان سے ملنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ یہ درست نہیں کہ عمران خان کی صحت کے بارے میں کچھ نہ کہا جائے یا عوام کو یہ باور کرایا جائے کہ کوئی مسئلہ نہیں۔ عمران خان کی صحت کے حوالے سے ان کی بہنوں کی تشویش جائز ہے۔ ان کو بتا کر عمران خان کو ہسپتال میں لے جاتے تو مسئلہ حل ہو جاتا، بغیر اطلاع ہسپتال منتقلی نہایت غلط حرکت ہے۔

بقیہ نمبر 46

کیا ہے۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر کی گئی ٹوئٹ میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ اسکول کے بچوں اور مساجد میں نمازیوں کے قاتل یقینی طور پر اسپتال میں داخل ہو کر مریضوں کو قتل کرنے اور پھر بین الاقوامی ہمدردی حاصل کرنے کے لیے پاکستان پر الزام لگانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں، افغانستان میں دہشتگردوں یا افغان طالبان رجیم کے انفرااسٹرکچر پر حملے کیے گئے، پاکستان کا مؤقف واضح ہے کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو ختم کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان طالبان رجیم نے اسپتال پر حملے کا جھوٹا بیانیہ بنانے کی کوشش کی جہاں ہم نے حملہ کیا وہاں ایمونیشن رکھا گیا تھا، وہاں دھماکے ہونا اس کا ثبوت ہے، آپریشن غضب للحق کے اہداف واضح ہیں۔

نیب کی 115 کھرب روپے سے زائد کی تاریخی ریکوری

نیب نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ادارے پر خرچ ہونے والے ہر ایک روپے کے بدلے 629 روپے قومی خزانے میں واپس جمع کروائے

48 لاکھ 50 ہزار ایکڑ سرکاری زمین واگزار کروا کر 110 کھرب روپے کی قومی بچت، ہاؤسنگ سوسائٹیز کے متاثرین کو 213 ارب روپے واپس دلائے گئے

اسلام آباد(ویب ڈیسک) قومی احتساب بیورو(نیب) نے اپنی گزشتہ تین سالہ کارکردگی رپورٹ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف میں پیش کردی ہے، جس کے مطابق ادارے نے 115 کھرب روپے سے زائد کی تاریخی ریکوری کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق نیب نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ادارے پر خرچ ہونے والے ہر ایک روپے کے بدلے 629 روپے قومی خزانے میں واپس جمع کروائے۔ دستاویزات کے مطابق 48 لاکھ 50 ہزار ایکڑ سرکاری زمین واگزار کروا کر 110 کھرب روپے کی قومی بچت کی گئی، جبکہ ہاسنگ سوسائٹیز کے 1 لاکھ 29 ہزار متاثرین کو 213 ارب روپے واپس دلائے گئے۔ اس کے علاوہ منی لانڈرنگ کے خلاف کارروائیوں میں 85 ارب 40 کروڑ روپے کے اثاثے منجمد کیے گئے۔ نیب نے احتساب کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے کئی اہم تجاویز اور چیلنجز کی نشاندہی کی ہے، 50 کروڑ روپے سے کم کی کرپشن پر ایکشن نہ لینے کی پابندی کو احتساب میں بڑی رکاوٹ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

فاروق ستار کا وزیراعظم سے گورنر سندھ کی تبدیلی کے فیصلے پر نظر ثانی کا مطالبہ

کراچی(ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما اور رکن قومی اسمبلی فاروق ستار کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف گورنر سندھ کامران ٹیسوری کو ہٹانے کے فیصلے پر نظرثانی کریں۔ ایک بیان میں ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما امین الحق نے کہا ہے کہ گورنر سندھ کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

شیخ رشید کے عمرہ کیس میں ہائیکورٹ کا سنگل بینچ فیصلہ کالعدم، دوبارہ سماعت کا حکم

شیخ رشید احمد کی انسداد دہشت گردی عدالت میں خارج کی گئی عمرہ درخواست بحال تصور ہوگی، عدالت

راولپنڈی(ویب ڈیسک) شیخ رشید کے عمرہ کیس میں ہائیکورٹ کے ڈویژن بینچ نے اہم فیصلہ سناتے ہوئے عمرہ اجازت سے متعلق سنگل بینچ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا اور حکومت کی انٹرا کورٹ اپیل منظور کر لی۔ ڈویژن بینچ، جسٹس جواد حسن اور جسٹس طارق باجوہ پر مشتمل تھا، نے حکم دیا کہ انسداد دہشت گردی عدالت عمرہ اجازت کی درخواست کا ازسرنو میرٹ پر جائزہ لے اور فریقین کو سن کر فیصلہ کرے۔ عدالت نے یہ بھی قرار دیا کہ شیخ رشید احمد کی انسداد دہشت گردی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

کراچی کے کینٹ ریلوے اسٹیشن پر خصوصی عید ٹرین کی روانگی کے لیے بڑی تعداد میں لوگ جمع ہوئے

ہمسائیوں کیساتھ جنگ نہیں، امریکی اڈے ہمارا ہدف ہیں، ایرانی قونصل جنرل

جنگ نے ثابت کیا امریکا اور اسرائیل مسلم ممالک میں اختلافات پیدا کرنا چاہتے ہیں

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان میں ایرانی قونصل جنرل کا کہنا ہے کہ ہمسائیوں کے ساتھ کوئی جنگ نہیں، امریکا نے پڑوسی ممالک میں اپنے فوجی اڈے بنائے ہیں، امریکی اڈے ہی ہمارا ہدف ہیں۔ لاہور میں تعینات ایرانی قونصل جنرل مہران موحد فر نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل اور امریکا نے جنگ شروع کی، ایران اسے ختم کرے گا۔ امریکا کو مغربی ایشیا سے چلے جانا چاہیے۔ ایرانی قونصل جنرل کا کہنا تھا کہ جنگ نے ثابت کیا امریکا اور اسرائیل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

رمضان المبارک کے دوران کوئٹہ کی وتحصیل اسٹریٹ میں قصائی گوشت فروخت کر رہا ہے

مولانا کے بیٹے کے سکواڈ کی گاڑی کو حادثہ، 2 رضا کار جاں بحق

مولانا اسجد محمود حادثے میں محفوظ رہے، جاں بحق اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

ڈی آئی خان(ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا کے شہر ڈیرہ اسماعیل خان میں سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان کے بیٹے مولانا اسجد محمود کے سکواڈ کی گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی۔ پولیس کے مطابق حادثہ لکی مروت سے ڈیرہ آتے ہوئے وانڈہ پارک کے قریب پیش آیا، جس میں 2 رضا کار جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا، جبکہ مولانا اسجد محمود حادثے میں محفوظ رہے، جاں بحق اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والوں کا تعلق ضلع لکی مروت سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

میری شادی نہیں ہوئی دعا کریں ہو جائے، ہانیہ عامر کی خاتون مداح سے ویڈیو کال پر گفتگو وائرل

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کی خاتون مداح سے ویڈیو کال پر گفتگو وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہورہی ہے جس میں اداکارہ ہانیہ عامر کو ایک خاتون مداح کے ساتھ گفتگو کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ یہ ایک ویڈیو کال ہے جس میں اداکارہ اپنی مداح سے گپ شپ کررہی ہیں، خاتون نے اداکارہ سے ان کی اور والدین کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

26 نومبر احتجاج کیس میں علیمہ خان کی حاضری معافی کی درخواست منظور

راولپنڈی(ویب ڈیسک) نومبر احتجاج کیس میں علیمہ خان کی ایک روزہ حاضری معافی درخواست منظور کرلی گئی۔ علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر احتجاج کیس سماعت 30 مارچ تک ملتوی کی گئی، عدالت نے آئندہ تاریخ پر علیمہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان نے بھارت کے لئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے نیا نوٹم جاری کردیا، نئے نوٹم کے مطابق بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کے لئے پاکستان کی فضائی حدود 24 اپریل تک بند رہے گی۔ بھارت کے تمام رجسٹرڈ ملٹری اور سول طیاروں کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

علاقائی بحری کشیدگی کے دوران پی این ایس سی نے پاکستان کی توانائی کی شہ رگ کو برقرار رکھا

کراچی(اسٹاف رپورٹر) آبنائے ہرمز کے اطراف جاری جغرافیائی وسیاسی کشیدگی اور رکاوٹوں کے باوجود پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن(PNSC) نے ملک کو توانائی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی۔ پی این ایس سی نے ہائی رسک ایریا (HRA) کی حدود میں توسیع کے باوجود، جو بحیرہ احمر، فجیرہ اور صحار تک پھیل چکی ہیں، اپنی کارروائیاں جاری رکھیں، جبکہ متعدد غیر ملکی جہازوں نے ان علاقوں میں کام ....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

آبنائے ہرمز کے اطراف جاری کشیدگی کے باوجود توانائی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانیوالا پی این ایس سی۔

مشرق وسطی کی صورتحال، پاکستان سے مزید 92 پروازیں منسوخ

کراچی(ویب ڈیسک) ملک کے بین الاقوامی ایئرپورٹس سے مشرق وسطی کے مختلف ایئرپورٹس کے لیے دوطرفہ 92 پروازیں منسوخ کر دی گئی۔ کراچی ایئرپورٹ سے آج دوحہ، کویت، بحرین، ایران، عراق اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

نیشنل موبلائزیشن فرنٹ نے افغان طالبان رجیم کیخلاف محاذ کا اعلان کردیا

کابل(ویب ڈیسک) نیشنل موبلائزیشن فرنٹ نے افغان طالبان رجیم کی انتہا پسندی اور جارحیت کیخلاف محاذ کا اعلان کردیا۔ افغانستان کے شمالی اور مشرقی صوبوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں نے نیشنل موبلائزیشن فرنٹ کے قیام کا اعلان کردیا، نیشنل موبلائزیشن فرنٹ کا قیام طالبان رجیم کی جابرانہ، دہشت گردی کی سرپرستی کرنے اور رجعت پسند پالیسیوں کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

اربوں روپے کی کرپشن اور لوٹ مار ہورہی ہے، کسی کو پرواہ نہیں

سندھ ہائیکورٹ

محکمہ لیبر میں ورکرز ویلفیئر بورڈ کی گورننگ باڈی کی تشکیل کے خلاف درخواست پر سماعت سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے کی

حکومت تو کفایت شعاری کرنے کی کوشش کررہی ہے، لیکن یہاں تو اربوں روپے ہڑپ کیے جارہے ہیں، عدالت کے ریمارکس

کراچی(ویب ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے ایک کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ اربوں روپے کی کرپشن اور لوٹ مار ہو رہی ہے، کسی کو پرواہ ہی نہیں۔ محکمہ لیبر میں ورکرز ویلفیئر بورڈ کی گورننگ باڈی کی تشکیل کے خلاف درخواست پر سماعت سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے کی، جہاں سرکاری وکیل نے جواب جمع کرانے کے لیے مہلت مانگی جس پر عدالت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

پنجاب حکومت نے عیدالفطر کی تعطیلات کا اعلان کردیا

لاہور(ویب ڈیسک) پنجاب حکومت نے عیدالفطر کی 3 روزہ تعطیلات کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ پنجاب حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 19 مارچ تا 21 مارچ (بروز جمعرات تا ہفتہ) عیدالفطر کی 3 سرکاری ....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

شمالی وزیرستان میں دراندازی کی کوشش ناکام، متعدد طالبان ہلاک

پاک فوج علاقے میں سکیورٹی مضبوط رکھنے اور ممکنہ دراندازی کی روک تھام کیلئے چوکس ہے

راولپنڈی(ویب ڈیسک) آپریشن غضب للحق کے تحت پاک افواج کی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کیخلاف منہ توڑ اور مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے پاک افغان سرحد پر شمالی وزیرستان میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی بڑی کوشش ناکام بنا دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان میں مواز کلے کے سرحدی علاقے میں افغان طالبان دراندازی کی منصوبہ بندی کررہے تھے، پاک فوج کی مؤثر کارروائی کے دوران ....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ

راولپنڈی(ویب ڈیسک) اڈیالہ جیل میں پمز اسپتال کے ڈاکٹرز نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ کیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کیلئے پمز اسپتال کے ڈاکٹر عارف اور شفا آئی ٹرسٹ کے ڈاکٹر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

اعجاز شاہ شیرازی کی یاد میں رمضان نائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد

مہمان خصوصی صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے جیتنے اور ہارنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں تقسیم کیں اور ایک لاکھ روپے نقد انعام دیا

یہ رمضان نائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ والد محترم الحاج سید اعجاز علی شاہ شیرازی کی یاد میں منعقد کیا گیا جنہیں ہم کبھی فراموش نہیں کر سکتے، سید ریاض شاہ شیرازی

ٹھٹھہ(نمائندہ پاکستان بلیٹن) محکمہ سپورٹس ٹھٹھہ کی جانب سے مکلی فٹ بال گراؤنڈ میں سابق صوبائی وزیر الحاج سید اعجاز علی شاہ شیرازی کی یاد میں رمضان نائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ فائنل میچ المہران فٹ بال ٹیم مکلی اور شاہ لاہوت فٹ بال ٹیم ٹھٹھہ کے درمیان کھیلا گیا۔ شاہ لاہوت ٹیم ٹھٹھہ نے بڑی جدوجہد کے بعد کامیابی حاصل کی۔ کھیل کے مہمان خصوصی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

مہمان خصوصی صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی جیتنے اور ہارنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، نقد انعام تقسیم کررہے ہیں

وزیراعلی مریم نواز سے چین کے نئے قونصل جنرل سن یان کی ملاقات

لاہور(ویب ڈیسک) وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے لاہور میں نئے تعینات چین کے قونصل جنرل سن یان سے ملاقات کی، ملاقات میں دونوں رہنماں نے پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک شراکت داری اور دیرینہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

اسلام آباد ہائیکورٹ: چاند کے معاملے پر وزارت مذہبی امور سے رپورٹ طلب

اسلام اباد(ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ میں عید کا چاند دیکھنے کے بعد جلدی اعلان کا حکم دینے کیلئے شہری کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری کی درخواست پر سماعت کی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ چاند نظر آئے گا تو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

ایرانی بیلسٹک میزائلوں کا خطرہ، نیٹو نے ترکیہ میں پیٹریاٹ ڈیفنس سسٹم نصب کردیا

انقرہ(ویب ڈیسک) ایرانی بیلسٹک میزائلوں کے خطرے کے پیش نظر نیٹو نے ترکیے میں پیٹریاٹ ڈیفنس سسٹم نصب کر دیا۔ ترک فوج کے مطابق پیٹریاٹ میزائل سسٹم ترکیے کے علاقے آدانا میں نصب کیا گیا، نیا پیٹریاٹ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

پی آئی اے نے خطے کی صورتحال کے باعث فجیرہ کی پروازیں معطل کردیں

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پی آئی اے نے خطے کی صورت حال کے پیش نظر فجیرہ کیلئے اپنی پروازیں معطل کرنے کا اعلان کردیا۔ نجی ٹی وی چینل کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق ....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

اسلامی ممالک فوری جنگ بندی کیلئے عملی اقدامات کریں، طاہر اشرفی

عرب واسلامی ممالک امن کے قیام اور جنگ کے خاتمے کے لیے کردار ادا کریں

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان علما کونسل نے اسلامی وعرب وزرائے خارجہ اجلاس بلانے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ کونسل نے اسرائیلی وامریکی جارحیت اور ایران سے متعلق صورتحال پر مشترکہ لائحہ عمل بنانے کا مطالبہ کردیا اور جنگ کے خاتمے اور خطے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

عالمی اور مقامی مارکیٹس میں سونے کی قیمتیں سابقہ سطح پر برقرار

کراچی(ویب ڈیسک) عالمی و مقامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمتیں سابقہ سطح پر برقرار ہیں۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق پاکستان میں فی تولہ سونا بغیر کسی تبدیلی کے 5 لاکھ 3 2 ہزار ....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

سانحہ گل پلازہ، جوڈیشل کمیشن میں ڈپٹی کمشنر ساتھ کا جواب جمع

کراچی(ویب ڈیسک) سانحہ گل پلازہ، جوڈیشل کمیشن میں ڈپٹی کمشنر ساتھ کا جواب جمع۔ جواب کے مطابق آگ لگنے کی اطلاع صبح 10 بجکر 27 منٹ پر موصول ہوئی، سانحہ گل پلازہ سے متعلق جوڈیشل کمیشن میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

بلوچستان میں دہشتگردی کا منصوبہ ناکام، خودکش بمبار لڑکی گرفتار

بلوچستان کے لوگ اب دہشتگردی کو قبول نہیں کرتے، سکیورٹی اداروں کی کامیاب کارروائی نے بڑی تباہی سے بچالیا، وزیراعلیٰ بلوچستان

افغانستان دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ ہے، گرفتار خاتون خودکش بمبار لائبہ کی کہانی سب کے سامنے ہے، پریس کانفرنس

بلوچستان(ویب ڈیسک) کوئٹہ میں سکیورٹی فورسز نے ایک کامیاب آپریشن کے دوران خاتون خودکش بمبار کو گرفتار کر کے دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا۔ وزیراعلی بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا لانگو نے دیگر اعلی حکام کے ہمراہ نیوز کانفرنس میں کہا ہے کہ سکیورٹی اداروں نے بلوچستان میں ایک کامیاب آپریشن کے دوران خاتون خودکش بمبار کو گرفتار کر لیا ہے، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

عیدالفطر کی تقریبات کراچی پریس کلب میں روایتی مہندی ڈیزائنز کے ساتھ شروع ہوگئیں

عمران خان کی عید پر بیٹوں سے بات کروائی جائیگی، عطا تارڑ

قاسم اور سلیمان کو ویزے کی ضرورت نہیں وہ نائیکوپ پر پاکستان آسکتے ہیں

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے جمائمہ گولڈ اسمتھ نے عمران خان کی بچوں سے ملاقات کے حوالے سے اپیل کا ٹویٹر پر جواب دے دیا۔ وزیر اطلاعات ونشریات نے سماجی رابطے کی سائٹ پر جمائما گولڈ اسمتھ کو جواب دیتے ہوئے لکھا کہ ماضی کی طرح اس بار بھی عمران خان کی عید کے دن بچوں سے فون پر بات کروائی جائے گی۔ عطا تارڑ نے لکھا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا عید پر زائد کرایہ وصول کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کا حکم

لاہور(ویب ڈیسک) وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے عید پر مقرر کیے گئے کرایوں سے زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا حکم دے دیا۔ مریم نواز نے روزے دار مسافروں کے افطار کا اہتمام کرنے، بس اسٹینڈز کی انتظار گاہوں پر بیٹھنے کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

حکومت نے سرکاری ملازمین کے الاؤنسز اور دیگر ادائیگیاں روک دیں

اے جی پی آر کی طرف سے اس وقت صرف تنخواہوں کی ادائیگی کا عمل ہی جاری رکھا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد(ویب ڈیسک) حکومت نے مراعات پر پابندی کے سلسلے میں سرکاری ملازمین کے الاؤنسز سمیت دیگر تمام ادائیگیاں روک دیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی خصوصی ہدایت پر اے جی پی آر نے سرکاری ملازمین کو الاؤنسز سمیت ہر قسم کی ادائیگیاں تاحکم ثانی روک ....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

بارش کے بعد کوئٹہ میں خوشگوار موسم کے ساتھ شاندار مناظر چھا گئے

آمد ورفت کی خبریں لیک ہونے پر سہیل آفریدی کا سیکیورٹی اسٹاف تبدیل

سہیل آفریدی کے ساتھ 39 نئے اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے، جاری نوٹیفکیشن

پشاور(ویب ڈیسک) وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے ساتھ موجود اسپیشل برانچ سیکیورٹی اسٹاف تبدیل کردیا گیا۔ وزیراعلی کے پی کے ساتھ ڈیوٹی دینے والے اسپیشل اسٹاف کے 13 اہلکار تبدیل کردیے گئے ہیں، جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ سہیل آفریدی کے ساتھ 39 نئے اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی ذرائع کا کہنا ہے کہ اس تبدیلی کی وجہ سیکیورٹی کے علاوہ آمد ورفت کی خبروں کا لیک ہونا بھی ہے، وزیراعلی کے پی نے گزشتہ چند روز میں کچھ اہم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

کراچی: چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو کا رکن قومی اسمبلی نوید قمر کے ہمراہ گروپ فوٹو

سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے گورنر سندھ کو ملنے والی مراعات کی تفصیلات شیئر کردیں

گورنر اور اس کی فیملی کے لیے بجلی، پٹرول، کاریں اور نوکر چاکر دستیاب ہیں

کراچی(ویب ڈیسک) سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے بتایا کہ جب وہ عہدے پر تھے تو" گورنر کی تنخواہ 80 ہزار روپے تھی، مجھے پنشن نہیں ملتی لیکن میرا خیال ہے کہ 60 سے 64 ہزار روپے ہوگی، سٹینو گرافر اور ڈرائیور ملتا ہے، کھانا پینا، نوکر چاکر اور کاریں پٹرول مفت ملتا ہے" وہ دراصل سینئر صحافی اور تجزیہ نگار کے اس سوال کا جواب دے رہے تھے جس میں انہوں نے پوچھا کہ گورنر کی ضرورت کیا ہے، کیا یہ ایک رسمی عہدہ ہے، اور اس عہدے کے ساتھ سہولیات کیا کیا دستیاب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں پاکستان کے سلمان علی آغا ٹاپ ٹین میں شامل ہوگئے

دبئی(ویب ڈیسک) آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں سلمان علی آغا ٹاپ ٹین میں شامل ہوگئے جبکہ ابرار احمد تنزلی کے بعد ٹاپ ٹین سے باہر ہوگئے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ون ڈے کی نئی عالمی درجہ بندی جاری کردی جس میں بابر اعظم بلے بازوں کی فہرست میں چھٹے نمبر پر موجود ہیں۔ سلمان علی آغا 9 درجہ بہتری کے بعد 9ویں نمبر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر18